★★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Email:dailyquwat786@gmail.com
www.dailyquwat.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 13 شوال 1446ھ، 12 اپریل 2025ء 28 چیت 2081ب (صفحات 8 قیمت 5 روپے) | شمارہ نمبر 160

مریم نواز

انقلابی ویکیشنل ٹریننگ پروگرام سے ٹرانس جینڈرز کی زندگیاں بدل رہی ہیں

پنجاب میں ٹرانسجینڈرز کیلئے ٹیکنیکل سکلز کی ٹریننگ کا جامع پروگرام شروع، ٹرانس جینڈرز کو آئی ٹی، فری لانسنگ کی ٹریننگ کے ذریعے معاشی طور پر خودمختار بنایا جائے گا

1600 ٹرانس جینڈرز کو پہلے مرحلے میں خصوصی طور پر پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ پروگرام کے تحت مختلف فنون سکھائے جائیں گے، ٹیلنٹ کا کوئی جینڈر نہیں، مریم نواز شریف



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف دورہ ترکیہ کے دوران اناطولیہ میں ڈپٹی گورنر ڈاکٹر سعد سیدا وغلو سے ملاقات کر رہی ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صنفی امتیاز کے خاتمے اور برابری کے مواقع کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرانس جینڈرز کمیونٹی کے لئے باعزت اور باوقار زندگی کے راستے کھل گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ٹرانس جینڈرز کو پہلے مرحلے میں 1600 افراد کو ہنر سکھانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ٹرانس جینڈرز کمیونٹی کے نمائندوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا خصوصی شکریہ ادا کیا

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

مختلف مقامات سے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 7 لاشیں برآمد

متعلقہ تھانوں کی پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے مختلف مقامات سے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 7 لاشیں برآمد، متعلقہ تھانوں کی پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا ترجمان ایدھی فاؤنڈیشن کے مطابق گلشن اقبال کے علاقے ملتان چونگی سے نوجوان کی لاش برآمد ہوئی متوفی کی شناخت 25 سال عاصر کے نام سے ہوئی جس کی موت نشے کی زیادتی کے باعث واقع ہوئی دوسرے واقعہ میں مجھر والی کے علاقے 80 فٹ روڈ کے قریب سے 35 سالہ شخص کی لاش ملی متوفی کی شناخت 35 سالہ مقبل کے نام سے ہوئی، فیکٹری ایریا کے علاقے سے بے ہوشی حالت میں ملنے والا 45 سالہ شخص دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا، جبکہ شاہدرہ کے علاقے میں سرمہر ہسپتال گیٹ نمبر تین کے قریب سے 50 سالہ نامعلوم شخص، کوٹ کھمبت کے علاقے قصبی شاپ 25 سالہ نوجوان فٹ پاتھ کنارے، مجھر والی کے علاقے مجھر والی کے علاقے نیاز بیگ قبرستان سے نامعلوم شخص اور بھی سٹی کے علاقے سابدہ شاہدرہ دربار کے قریب سے 45 سالہ نامعلوم شخص کی لاشیں ملیں جن کی شناخت نہ ہو سکی متعلقہ تھانوں کی پولیس نے تمام لاشیں ایدھی سرد خانوں کی مدد سے مردہ خانے منتقل کر کے مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا

گوالہ کالونی نمائندگان کی ڈی سی آفس لاہور آمد، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا سے ملاقات

لاہور: گوالہ کالونی نمائندگان نے ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کو گوالہ کالونی میں درپیش مختلف مسائل سے آگاہ کیا

لاہور (ٹیم رپورٹر) گوالہ کالونی نمائندگان نے ڈی سی آفس لاہور میں ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا سے گوالہ کالونی میں درپیش مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔ ڈی سی لاہور نے گوالہ کالونی کے تمام مسائل کو حل کروانے کی یقین دہانی کرائی۔



لاہور سید موسیٰ رضا نے گوالہ کالونی نمائندگان کے تمام مسائل کو تسلی سے سنا۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ کو گوالہ کالونی کے تمام تر معاملات کو دیکھنے کی ہدایت کی، ڈی سی لاہور نے کہا کہ گوالہ کالونی کے تمام تر مسائل کو حل کروایا جائے گا۔ ڈی سی لاہور نے گوالہ کالونی کے نمائندگان کو اطمینان دلایا کہ ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

امیر جماعت اسلامی کا اپیل پر آج ملک بھر میں مارچ و مظاہرے ہونگے

جماعت اسلامی 20 اپریل کو اسلام آباد میں بھی فلسطین مارچ کرے گی

لاہور (سٹی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کی اپیل پر آج ملک بھر میں فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے مارچ کا اہتمام کیا جائے گا۔ مرکزی مارچ یوم یکجہتی کشمیر 5 فروری کو ہوا جس کی قیادت حافظ نعیم الرحمان کریں گے۔ فلسطین مارچ میں بچوں، خواتین، بیمار کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ گوالہ کالونی میں

لاہور میں ڈاکوؤں اور شہریوں کے درمیان آنکھ مچولی جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں ڈاکوؤں اور شہریوں کے درمیان آنکھ مچولی جاری، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 293 وارداتیں رپورٹ، زراعج کے مطابق لٹ رنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 3 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے ، 214 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

جہاد کی ضرب سے اسرائیلی فساد کو کچلنا ہوگا: طاہر اقبال خان

غزہ میں کشت وخون کے اڈے وہ ہوسٹنگن سے جا ملتے ہیں، اسرائیل کو رمپ کا آشیر یاد حاصل ہے



خانہ تحریک کے مرکزی سالار نشرواشاعت محمد اقبال خان صادق، نائب سالار محمد اقبال خان نے کہا ہے کہ جہاد کی ضرب سے اسرائیلی فساد کو کچلنا ہوگا۔ غزہ میں کشت و خون کے اڈے وائٹ ہاؤس میں جا ملتے ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ کا جھکاؤ صیہونی فلسطینیوں کے خون سے ہولی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ ایک سال بعد جہاد کے قدوسی جذبات کی قسم اسرائیلی میدان جنگ کا نام اور اس انسانیت کے مجرم کو منطقی انجام تک پہنچائے بغیر آگ بجھنے والی نہیں۔ ٹیک نو نوایک بنو کے فلک

بورڈ آف انویسٹمنٹ مقامی وغیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے اقدامات اٹھا رہا ہے: قیصر احمد شیخ

پاکستان ایک وقت میں دنیا کے لیے مثال بنا اور چین جیسے ممالک سیکھتے آتے تھے



لاہور (کامرس رپورٹر) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری اور بورڈ آف انویسٹمنٹ کے چیئرمین قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ ہماری کوشش ہے کہ موجودہ حکومت کے دوران ہی ایسی فضا بنا دیں کہ ہمارے نوجوان اور بچی قصہ پارینہ بن جائے، ہم نے کہا ہے کہ پاکستان ایک وقت میں دنیا کے لیے مثال بنا اور چین جیسے ممالک یہاں سے سیکھنے آتے تھے، لیکن آج چین کی برآمدات 5,3 ٹریلین ڈالر سے تجاوز کر چکی ہیں جبکہ پاکستان کی برآمدات صرف 32 ارب ڈالر کے قریب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بے پناہ پوٹینشل موجود ہے جسے بہتر پالیسی اصلاحات اور سرمایہ کاروں کو سہولیات دے کر بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سرمایہ کاری کی راہ میں حائل بیوروکریسی کی رکاوٹیں ختم کی جائیں تاکہ تجارتی شعبہ ترقی کر سکے۔ انہوں نے بتایا کہ انکشاف

حضرت سخی مادھولال حسین (رح) کے 437ویں سالانہ عرس پر عملہ صفائی تعینات

عرس تقریبات میں 50 کروڑ 20 لاکھ روپے کی لاگت سے 50 ڈسپوزایبل صفائی ایریاز قائم کیے جائیں گے، ڈی سی لاہور

لاہور (ممبھاز احمد بھٹی سے) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے حضرت سخی مادھو لال حسین (رح) کے 437 ویں سالانہ عرس پر شالیمار باغ میں صفائی کے خصوصی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ تین روزہ عرس تقریبات کے پیش نظر اپیل ڈیلیوایم کی 50 سے زائد ورکرز اور 20 زائد گاڑیاں دربار کے اطراف خصوصی صفائی مہم پر مامور ہوں گی۔ عرس تقریبات میں 12 سے 14 اپریل تک مزار پر 50 ڈسپوزایبل صفائی ایریاز قائم کیے جائیں گے، ڈی ایل ڈبلیو ایم کی جانب سے صفائی کے لیے 50 سے زائد ورکرز اور 20 گاڑیاں مختص کی گئی ہیں۔ عرس تقریبات کے دوران صفائی کے انتظامات کی نگرانی کے لیے 3 سپروائزرز کی ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں۔ ڈی ایل ڈبلیو ایم کے ترجمان کے مطابق عرس تقریبات کے دوران صفائی کے لیے 3 شفٹوں میں ڈیوٹیاں کی جائیں گی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3)12 اپریل 2025ء

کمشنر گوجرانوالہ کی زیر صدارت پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرپرسنز کا اجلاس

اجلاس میں پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز کے چیئرپرسنز/کمشنرز اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن و دیگر ممبرز نے شمولیت کی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرپرسنز کا ایک اہم آن لائن اجلاس منعقد ہوا جس میں کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے آن لائن زوم لنک کے ذریعہ شمولیت کی۔ اجلاس میں پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز کے چیئرپرسنز/کمشنرز اور سیکرٹری ہائر ایجوکیشن و دیگر ممبرز نے شمولیت کی۔ اجلاس میں رواں امتحان سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (فرسٹ اینول) 2025ء اور 29 اپریل سے شروع ہونے والے امتحان انٹرمیڈیٹ (فرسٹ اینول) 2025ء کی تیاری کے حوالہ سے مختلف امور زیر بحث آئے۔ ان خیالات کا اظہار کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد نعیم بٹ نے بتایا کہ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن کی زیر سرپرستی امتحانات کا انعقاد وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے وژن صاف اور شفاف امتحانی نظام کے تحت کروایا جا رہا ہے۔ میٹرک کے امتحانات کی طرح انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے دوران بھی حساس امتحانی مراکز کی نگرانی سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے کی جائے گی۔ سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے نگرانی کرنے کیلئے بورڈ ہذا میں اور محکمہ ہائر ایجوکیشن میں کنٹرول رومز بھی قائم کئے جائیں گے جہاں پر امتحانی عملہ کے ساتھ ساتھ امیدواران کی نقل و حرکت بھی مشاہدہ میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر امتحانی مراکز کا معائنہ کرتے ہیں۔ دوران معائنہ مختلف امور کا مشاہدہ کرنے کے بعد امتحانی نظام میں بہتری لانے کیلئے ہمیں ہدایات دیتے ہیں جس سے بورڈ انتظامیہ کو امتحانی نظام کو بہتر بنانے میں مدد مل رہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ مورخہ 14 اپریل کو دونوں گروپس میں مضمون ریاضی (سائنس گروپ/آرٹس گروپ) کے پیپرز منعقد ہوں گے۔



لیسکو سب ڈویژن ساوتھ نارنگ اور نارتھ کا بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری

50 سے زائد بجلی چور رنگے ہاتھوں گرفتار مقدمات درج لاکھوں روپے جرمانہ: احمر خاں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) لیسکو سب ڈویژن ساوتھ نارنگ اور نارتھ کا بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری 50 سے زائد بجلی چور رنگے ہاتھوں گرفتار مقدمات درج لاکھوں روپے جرمانے بجلی چوری کے خاتمہ تک آپریشن جاری رہے گا ملک وقوم کے مجرم کسی رعایت کے مستحق نہیں صارفین بغیر کسی سفارش تشریف لائیں ان کی خدمت کے لئے چوبیس گھنٹے حاضر ہیں بجلی کی بلاتعطل فراہمی ہماری اولین ترجیح ملازمین عوامی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں شکایت پر سخت کاروائی کے لئے تیار رہیں اسٹنٹ منیجر لیسکو ساوتھ محمد احمر خاں اور نارتھ ضیاء محمد کی سٹی پریس کلب میں گفتگو تفصیلات دیتے ہوئے ان کو کہنا تھا کہ گزشتہ روز نارنگ شہر اور دیہات میں بجلی چوروں کے خلاف پاکستان رینجرز پولیس اور سکیورٹی اداروں کے ہمراہ آپریشن کیا گیا پچاس سے زائد بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے مقدمات درج کئے گے اور لاکھوں روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے نئے تعینات ہونے والے اسٹنٹ منیجر لیسکو سب ڈویژن ساوتھ انجینئر محمد احمر خاں اور اسسٹنٹ منیجر نارنگ نارتھ انجینئر ضیاء محمد نے مزید کہا صارفین کیلئے چوبیس گھنٹے حاضر ہیں براہ راست تشریف لائیں ان کے مسائل بلا تاخیر حل کئے جائیں گے ملازمین شکایت کی صورت میں محکمانہ کاروائی کے لئے تیار رہیں بجلی چوری کے خاتمہ تک آپریشن جاری رہے گا شہری تعاون کریں۔









ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

پسپ پروگرام کے تحت جاری سکیموں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا، متعلقہ ٹھیکیداروں کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت

ساہیوال (مہر بابے ڈی سی سپرا سے) ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ پسپ پروگرام کے تحت جاری سکیموں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا، متعلقہ ٹھیکیداروں کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے بی بی روڈ، مین فرید ٹاؤن روڈ، غلہ منڈی، سرکی بازار اور منظور کالونی کا دورہ کیا۔ انہوں نے ان علاقوں میں پسپ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں پر کام کی رفتار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ چی چی روڈ پر سیوریج لائن بچھانے کے کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو کم سے کم پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔ انہوں نے کام کی سست روی پر اظہار ناراضگی کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے وضاحت بھی طلب کر لی۔ انہوں نے فرید ٹاؤن مین روڈ پر اسفالٹ ڈالنے کے کام کا جائزہ لیا اور اسے جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی تاکہ کار پارکنگ کا کام جلد شروع ہو۔ انہوں نے سرکی بازار اور غلہ منڈی بازار کی مرمت کو بھی ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے منظور کالونی میں سیوریج لائن ڈالنے میں حائل رکاوٹوں کو کنٹریکٹرز سے مل کر دور کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پسپ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کی ٹائم لائن پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے تاکہ 30 جون کی ڈیڈ لائن سے قبل سیوریج سسٹم کو فعال کیا جا سکے۔



جماعت اہلسنت کے زیر اہتمام مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ریلی کا انعقاد کیا گیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) فلسطین میں اسرائیلی جارحیت اور بربریت کے خلاف جماعت اہلسنت کے زیر اہتمام مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میلاد چوک سے شروع ہو کر کیپٹن عرفان شہید چوک میں اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکاء نے بینرز اور کتبے اٹھا رکھے تھے فلسطین کے حق میں اور اسرائیل کے خلاف نعرے بازی کی گئی۔ ریلی میں سیاسی سماجی کاروباری مذہبی صحافتی تنظیموں وکلاء اور شہریوں کی کثیر تعداد شریک تھی۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی ایل پی جی فٹڈ گاڑیوں کے خلاف کاروائیاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی ایل پی جی فٹڈ گاڑیوں کے خلاف کاروائیاں، ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے افسران نے متعدد مقامات پر پبلک ٹرانسپورٹ کی چیکنگ کی اور ایل پی جی گیس پر چلنے والی 2 گاڑیوں کے مالکان کے خلاف مقدمات کا اندراج کروایا اور دھواں چھوڑتی گاڑیوں کو 30 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا۔ سیکرٹری ڈی آر ٹی اے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ اسرائیل خود دنیا کا سب سے بڑا دہشت گرد ہے، جو امریکہ کے ایماء پر فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے مگر اقوام متحدہ اور تمام عالمی ادارے انسانی حقوق کی علمبردار تنظیمیں مسلسل خاموش ہیں امریکی سرپرستی میں اسرائیل سفاکیت کی تمام حدیں عبور کر چکا ہے ہمیں ایسی صورت حال میں فوری طور پر اسرائیلی مصنوعات کا بائیکاٹ کرنا چاہئے اور تمام مسلمان ممالک کو اقوام متحدہ میں اپنا بھرپور احتجاج ریکارڈ کروانا چاہئے اور اسرائیلی غنڈہ گردی کے آگے دیوار بن کر معاملہ اجاگر کرنا چاہئے۔

سابق ناظم ظفر اقبال بٹ ڈسکہ سول کلب کے بلامقابلہ جنرل سیکرٹری منتخب

صوبائی وزیر کی مبارکباد، فاتحین کو پھولوں کے ہار پہنائے اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ظفر اقبال بٹ کو ڈسکہ سول کلب کا بلا مقابلہ جنرل سیکرٹری منتخب ہونے اور محمد افضل منشاء کو صوبائی وزیر بلدیات پنجاب کی جانب سے ڈسکہ شہر کے معاملات دیکھنے کی ذمہ داری سونپنے پر مختلف مکتبہ فکر کی مبارکباد۔ صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق کے کیمپ آفس ڈسکہ میں سابق ناظم ظفر اقبال بٹ کو ڈسکہ سول کلب کا بلا مقابلہ جنرل سیکرٹری منتخب ہونے اور سٹی صدر مسلم لیگ ن و چیئرمین مرکزی انجمن تاجران ڈسکہ محمد افضل منشاء کو صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق کی جانب سے ڈسکہ شہر کے معاملات دیکھنے کی ذمہ داری سونپے جانے پر مرکزی انجمن تاجران کے صدر میاں محمد اشرف، جنرل سیکرٹری شہزاد اعجم گوشی بٹ و دیگر عہدیداران، پریس کلب کے عہدیداران و دیگر نے ملاقات کر کے مبارکباد پیش کی، پھولوں کے ہار پہنائے اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر صدر مسلم لیگ ن پی پی 51 محمد عظیم بٹ، چوہدری نصر اللہ چیمہ ایڈووکیٹ، پوپلیٹکل سیکرٹری وزیر بلدیات سید داؤد شاہ بخاری، فوکل پرسن وزیر بلدیات سید مدثر شاہ، رانا رضا صدر یوتھ ونگ پی پی 51، احسن احسان چیمہ ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری یوتھ ونگ پی پی 51، اور دیگر بھی موجود تھے۔

اسرائیل دہشت گرد ملک جو امریکہ کے ایماء پر فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے، مبشر حیات

مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کرنا چاہئے، صحافیوں کے ساتھ خصوصی گفتگو کے دوران اظہار خیال

سمندری (تحصیل رپورٹر) پی ٹی آئی رہنما و معروف سماجی شخصیت چوہدری مبشر حیات گجر نے کہا ہے کہ جنگ بندی کے باوجود فلسطینی اور غزہ کے نہتے اور مظلوم و بے کس مسلمانوں کی شہادتیں اور مظالم افسوسناک اور مسلمہ کیلئے کھلا چیلنج ہیں ان خیالات کا اظہار اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ اسرائیل خود دنیا کا سب سے بڑا دہشت گرد ہے جو امریکہ کے ایماء پر فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے مگر اقوام متحدہ اور تمام عالمی ادارے انسانی حقوق کی علمبردار تنظیمیں مسلسل خاموش ہیں امریکی سرپرستی میں اسرائیل سفاکیت کی تمام حدیں عبور کر چکا ہے ہمیں ایسی صورت حال میں فوری طور پر اسرائیلی مصنوعات کا بائیکاٹ کرنا چاہئے اور تمام مسلمان ممالک کو اقوام متحدہ میں اپنا بھرپور احتجاج ریکارڈ کروانا چاہئے اور اسرائیلی غنڈہ گردی کے آگے دیوار بن کر معاملہ اجاگر کرنا چاہئے۔



سنی اتحاد کونسل کے زیر اہتمام اسرائیل مردہ باد مارچ کا انعقاد

غزہ میں مسلمانوں کی نسل کشی نامنظور، کافروں کا ایک ہی علاج جہاد ہے، تمام شرکاء نے عوام سے پرزور اپیل کی کہ اسرائیلی مصنوعات کا بائیکاٹ کیا جائے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) فلسطین غزہ کے مظلوم مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی اور اسرائیل کی دہشت گردی کے خلاف اسرائیل مردہ باد مارچ کیا گیا جس کی قیادت سنی علماء کونسل کے صدر وکیل صحابہؓ مولانا عادل شیر فاروقی کی زیر صدارت ضلع بھر کی تمام مذہبی نمائندہ جماعتوں کا مشترکہ مارچ ہوا جس میں جمعیت علماء اسلام عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت شعبان ختم نبوت مرکزی اشاعت التوحید وسنہ پاکستان علماء کونسل پاکستان مرکزی مسلم لیگ سمیت تمام مسالک دیوبند بریلوی اہل حدیث کی قیادت نے شرکت کی یہ مارچ مرکز اہل سنت فیصل مسجد فیصل پلازہ سے بعد نماز جمعہ شروع ہوا جو مختلف شاہراہوں سے ہوتا ہوا پریس کلب فوارہ چوک میں اختتام پذیر ہوا شرکائے مارچ نے ہاتھوں میں پہنا فلیکس بینرز اور کتبے اٹھا رکھے تھے جس میں مختلف تحریر موجود تھی اسرائیلی دہشت گردی نامنظور نامنظور فلسطین فدا میں مسلمانوں کی نسل کشی نامنظور نامنظور کافروں کا ایک ہی علاج الجہاد الجہاد جیسی تحریر اویزاں تھی جس میں تمام خطباء نے عوام سے پرزور اپیل کی کہ اسرائیلی مصنوعات کا بائیکاٹ کیا جائے اور حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ ملک پاکستان کو فل فور غزہ کے مظلوم مسلمانوں کے حق میں عملی قدم اٹھانا چاہیے۔

غزہ کے نہتے مسلمانوں پر وحشیانہ بمباری فوری بند کی جائے: پیرزادہ محمد رضا ثاقب مصطفائی

غزہ میں مظلوم فلسطینیوں نے قربانیوں کی جو لازوال تاریخ رقم کی ہے اس پر امت مسلمہ ہمیشہ ناز کرتی رہے گی



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) عالمی منبع اسلام اور ادارۃ المصطفیٰ انٹرنیشنل کے امیر اعلیٰ پیرزادہ محمد رضا ثاقب مصطفائی نے کہا ہے کہ غزہ میں مظلوم فلسطینیوں نے قربانیوں کی جو لازوال تاریخ رقم کی ہے اس پر امت مسلمہ ہمیشہ ناز کرتی رہے گی۔ اسرائیل امریکہ اور دیگر باطل قوتوں کی سرپرستی میں غزہ کے نہتے مسلمانوں پر وحشیانہ بمباری کر کے اس پر قبضے کے جو ادھورے خواب دیکھ رہا ہے وہ کبھی پورے نہیں ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکز مصطفیٰ بالمقابل ایجوکیشن بورڈ ٹوبہ پنڈی بائی پاس میں شارع القدس پر منعقدہ اسرائیلی جارحیت و بربریت کے خلاف احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا فلسطینی عوام کے ساتھ کلمے کا رشتہ ہے اور ہم ہر محاذ پر صرف ان کے ساتھ کھڑے ہیں بلکہ ہر ممکن طریقے سے ان کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہیں ہوئی ہیں۔ اقوام متحدہ و دیگر ادارے اسرائیلی مظالم پر اندھے، بہرے اور گونگے بنے ہوئے ہیں جبکہ مسلم سفارت کاری بھی ناکام ہو چکی ہے۔ دنیا اپنی آنکھیں کھولے اور اسرائیل کو لگام دے۔ ہم فلسطینی مجاہدین کو سلام پیش کرتے ہیں کیونکہ وہ مقدسات اسلام کی حفاظت کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ احتجاجی مظاہرے میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات کے علاوہ عوام الناس کی کثیر تعداد نے پورے جوش و جذبے کے ساتھ بھرپور شرکت کی۔

گوجرانوالہ میں پنجابی کلچر ڈے 14 اپریل کو بھرپور طریقے سے منایا جائے گا

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے حکومت پنجاب کی ہدایت پر پنجابی کلچر (ثقافت) کو اجاگر کرنے کیلئے مختلف سیمینارز، آگاہی واک، سکولوں، کالجوں میں ضلع و تحصیل سطح پر تقریبات کا اہتمام کیا جائے



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) فیصل سلطان نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے پیش نظر گوجرانوالہ میں پنجابی کلچر ڈے (پنجابی ثقافت دیہاڑ) 14 مارچ کی بجائے اب 14 اپریل کو بھرپور طریقے سے منایا جائے گا یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ سیکرٹری آر سی اے غلام مصطفیٰ انصاری، سی او ایجوکیشن ڈاکٹر عطیہ اعجاز ملک، سی ضلع کونسل خرم محمود، ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور سین، ڈی او ایم جسی 1122 رفعت ضیاء، اس ڈی پی او اے راشد چیمہ کے علاوہ دیگر محکموں کے افسران اجلاس میں شریک تھے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے حکومت پنجاب کی ہدایت پر پنجابی کلچر (ثقافت) کو اجاگر کرنے کیلئے مختلف سیمینارز، آگاہی واک، سکولوں، کالجوں میں ضلع و تحصیل سطح پر تقریبات کا اہتمام کیا جائے، افسران روایتی پنجابی لباس میں اور پگڑیاں پہن کر فرائض سرانجام دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا، سوشل میڈیا اور ریڈیو پر بھی تشہیر کی جائے، پنجابی کلچر کو اجاگر کرنے کے سلسلہ میں منعقد ہونے والی تقریبات میں ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ کے سینئر عہدیداران پنجاب کے روایتی لباس میں شرکت کریں گے۔ اے ڈی سی جی نے کہا کہ ثقافت کسی بھی قوم کے لئے کلیدی حیثیت رکھتی ہے 14 مارچ (کلچر ڈے) پنجاب کی ثقافت کا دن چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر موخر کر دیا گیا تھا جو کہ اب 14 اپریل کو بھرپور انداز سے منایا جائے گا انہوں نے کہا کہ ہمارا پنجاب شاندار ثقافتی روایات کا امین ہے اور پنجاب کی ثقافت سے ہمیں امن و محبت اور بھائی چارے کا پیغام ملتا ہے۔ ہم دنیا بھر میں پنجاب کی ثقافت کو اجاگر کر کے یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ ہم پرامن لوگ ہیں اور زندہ قومیں اپنی ثقافت کو اجاگر کرنے کے لئے روایتی تہواروں اور علاقائی تقریبات کا انعقاد کرتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پانچ دریاؤں کی سرزمین پنجاب محبت، امن، وفا کی دھرتی ہے، پنجاب عظیم ثقافتی ورثہ اور تاریخی اہمیت کا حامل قطعہ ارض ہے جس کے جغرافیائی لوگ دھرتی کا سینہ چیر کر اناج اگاتے ہیں، سر زمین پنجاب کے سپوت وطن سے محبت اور بہادری کے حوالے سے بھی بے مثال ہیں۔ انہوں نے پنجاب کلچر ڈے منانے کے حکومتی فیصلے کو زبردست سراہا اور امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے نئی نسل کو پنجاب کی تہذیب اور ثقافت سے روشناس کرایا جا سکے گا۔

مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد اشرفیہ کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

احتجاجی مظاہرے کی قیادت مرکزی جامع مسجد اشرفیہ کے خطیب مولانا کاشف جاوید رحمانی نے کی احتجاجی مظاہرے میں عبدالمجید پہلوان۔ خان محمد اقبال۔ رانا سرمد بشیر گادھی و دیگر نے کی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد اشرفیہ المعروف اونچی مسجد کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی تفصیلات کے مطابق جامع مسجد اشرفیہ المعروف اونچی مسجد غلہ منڈی میں نماز جمعہ کے بعد مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا احتجاجی مظاہرے کی قیادت مرکزی جامع مسجد اشرفیہ کے خطیب مولانا کاشف جاوید رحمانی نے کی احتجاجی مظاہرے میں عبدالمجید پہلوان۔ خان محمد اقبال۔ رانا سرمد بشیر گادھی۔ چوہدری مسعود نکودری۔ ڈاکٹر عرفان فاروق۔ شیخ اشتیاق احمد۔ چوہدری عارف رتہ۔ ملک محمد انوار۔ رانا محمد اویس۔ حافظ عدیل۔ رانا رضوان حبیب۔ کلیم اللہ سمیت کثیر تعداد میں مسلمانوں نے شرکت کی احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے مولانا کاشف جاوید رحمانی نے کہا کہ ہم مظلوم فلسطینیوں بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ تمام مسلمان اسرائیل مصنوعات کا بائیکاٹ کریں۔ اسرائیل کہ حامی ممالک سے سفارتی لاتعلقی اختیار کریں۔ انہوں نے افواج پاکستان سے عملی طور پر جہاد فلسطین میں شرکت کرنے کا مطالبہ کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ فلسطین کی تمام مسلمان مالی معاونت کریں احتجاجی مظاہرے کے اختتام پر مظلوم مسلمان فلسطینی بھائیوں کے لیے دعا بھی کروائی گئی۔

فلسطینیوں کی نسل کشی کا سلسلہ فوری روکا جائے: سنی اتحاد کونسل

اسلامی حکومتیں جہاد کا فوری اعلان کریں۔ غزہ، کشمیر اور دیگر اسلامی ممالک میں ہونے والے ظلم وستم پر خاموش رہنا عذاب الٰہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے



چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) انجمن طلبہ اسلام چھانگا مانگا اور اتحاد بلڈ گروپ چھانگا مانگا کے زیر اہتمام فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے لئے بعد نماز جمعہ مرکزی جامع مسجد حنیفہ رضویہ چوک فاروق اعظم تک غزہ مارچ کیا گیا۔ چوک فاروق اعظم میں غزہ مارچ کے شرکاء سے مرکزی جامع مسجد حنیفہ رضویہ کے خطیب مفتی سردار احمد سعیدی، سنی اتحاد کونسل کے مرکزی ترجمان ارشد جماعت اسلامی کے رہنما حافظ نذیر احمد میاں یاسین درانی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی مظالم کے بعد امت مسلمہ پر جہاد فرض ہو چکا ہے اسلامی حکومتیں جہاد کا فوری اعلان کریں۔ غزہ، کشمیر اور دیگر اسلامی ممالک میں ہونے والے ظلم وستم پر خاموش رہنا عذاب الٰہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ ہر مسلمان پر اپنی استطاعت کے مطابق جہاد کرنا فرض عین ہو چکا ہے حکومت پاکستان سمیت اسلامی ممالک سے مشاورت کر کے عملی جہاد کے لئے اقدامات کرے۔ عالم اسلام متحد ہو کر مظلوم فلسطینیوں کی مدد کو نکلے۔ عالم اسلام جرم غزہ پر خاموشی کی سزا بھگت رہا ہے۔ فلسطینیوں کی نسل کشی کا سلسلہ فوری روکا جائے۔ 60 ہزار سے زائد فلسطینی شہید اور دو لاکھ سے زائد زخمی ہو چکے ہیں جبکہ 57 اسلامی ممالک کے سربراہان مملکت خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں، غزہ مارچ کی قیادت مرکزی جامعہ مسجد کے امام قاری غلام فرید نظامی۔ انجمن طلبہ اسلام کے سابق مرکزی سیکرٹری جنرل محمد اکرم رضوی۔ تحفظ ناظم گلی حیدر، مصطفائی تحریک چھانگا مانگا کے جنرل سیکرٹری تنویر احمد خاں، پی ٹی آئی کے رہنما اوّ انجد علی خاں۔ رانا کاشف حمید محمد اسلم کھوکھر، محمد اویس انصاری اور دیگر نے کی۔ مقررین نے کہا کہ فلسطینی شہید اور دو لاکھ سے زائد زخمی ہو چکے ہیں جبکہ 57 اسلامی ممالک کے سربراہان مملکت خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں، غزہ مارچ کی قیادت مرکزی جامعہ مسجد کے امام قاری غلام فرید نظامی۔ انجمن طلبہ اسلام کے سابق مرکزی سیکرٹری جنرل محمد اکرم رضوی۔ تحفظ ناظم گلی حیدر، مصطفائی تحریک چھانگا مانگا کے جنرل سیکرٹری تنویر احمد خاں، پی ٹی آئی کے رہنما اوّ انجد علی خاں۔ رانا کاشف حمید محمد اسلم کھوکھر، محمد اویس انصاری اور دیگر نے کی۔ مقررین نے کہا کہ فلسطینی شہید اور دو لاکھ سے زائد زخمی ہو چکے ہیں جبکہ 57 اسلامی ممالک کے سربراہان مملکت خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں، غزہ مارچ کی قیادت مرکزی جامعہ مسجد کے امام قاری غلام فرید نظامی۔ انجمن طلبہ اسلام کے سابق مرکزی سیکرٹری جنرل محمد اکرم رضوی۔ تحفظ ناظم گلی حیدر، مصطفائی

مصطفیٰ آباد: حکومت کسانوں کی مشکلات کم کرے، چوہدری وقار حاکم علی

کسانوں کا گندم فی من پر 35 سو روپے خرچہ آ رہا ہے جبکہ فروخت 26 سو روپے میں ہو گی



مصطفیٰ آباد/لیالپانی (نمائندہ خصوصی) میرے حلقہ کی اکثریت کسانوں پر مشتمل ہے، کسانوں کو حکومت کی طرف سے بڑی سخت کے ساتھ پالا جا رہا ہے، کسانوں کا گندم فی من پر 35 سو روپے خرچہ آ رہا ہے جبکہ فروخت 26 سو روپے میں ہو گی، ان کسانوں کے بچوں کا کیا بنے گا حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ کسانوں کی مشکلات پر غور کرے اور ان کا حل نکالے، کسانوں کی خون پسینے کی کمائی کو ضائع کیا جا رہا ہے، ان کے معاشی قتل کو روکا جائے، ان خیالات کا اظہار امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 176 چوہدری وقار حاکم علی نے صحافیوں کے ایک وفد سے خصوصی گفتگو کے دوران کیا، چوہدری وقار حاکم علی نے مزید کہا کہ انڈیا کے اندر کسانوں کو سبڈی دی جاتی ہے، بجلی کے بلوں سمیت دیگر معاملات میں سبڈی دی جاتی ہے وہاں کا کسان خوشحال ہے جبکہ پاکستان کے کسانوں کا گلہ دبایا جا رہا ہے، ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے کسانوں کی مشکلات کم کرنا انتہائی ضروری ہے، ہمارا کسان خوشحال ہو گا تو ملک ترقی کرے گا، اگر حکومت گندم کے ریٹ کو کم کرنا چاہتی ہے تو کھاد کی قیمت بھی کم کرے، بجلی سستی ہونی چاہئے، زمینوں کے ٹھیکے کم ہونے چاہئے، پرویز الٰہی کے دور میں نہری نظام میں بہتری آئی تھی، کسانوں خوشحالی کی طرف گامزن ہو گیا تھا۔

مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد اشرفیہ کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

احتجاجی مظاہرے کی قیادت مرکزی جامع مسجد اشرفیہ کے خطیب مولانا کاشف جاوید رحمانی نے کی احتجاجی مظاہرے میں عبدالمجید پہلوان۔ خان محمد اقبال۔ رانا سرمد بشیر گادھی و دیگر نے کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے نماز جمعہ کے بعد جامع مسجد اشرفیہ المعروف اونچی مسجد غلہ منڈی میں نماز جمعہ کے بعد مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا احتجاجی مظاہرے کی قیادت مرکزی جامع مسجد اشرفیہ کے خطیب مولانا کاشف جاوید رحمانی نے کی احتجاجی مظاہرے میں عبدالمجید پہلوان۔ خان محمد اقبال۔ رانا سرمد بشیر گادھی۔ چوہدری مسعود نکودری۔ ڈاکٹر عرفان فاروق۔ شیخ اشتیاق احمد۔ چوہدری عارف رتہ۔ ملک محمد انوار۔ رانا محمد اویس۔ حافظ عدیل۔ رانا رضوان حبیب۔ کلیم اللہ سمیت کثیر تعداد میں مسلمانوں نے شرکت کی احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے مولانا کاشف جاوید رحمانی نے کہا کہ ہم مظلوم فلسطینیوں بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ تمام مسلمان اسرائیل مصنوعات کا بائیکاٹ کریں۔ اسرائیل کہ حامی ممالک سے سفارتی لاتعلقی اختیار کریں۔ انہوں نے افواج پاکستان سے عملی طور پر جہاد فلسطین میں شرکت کرنے کا مطالبہ کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ فلسطین کی تمام مسلمان مالی معاونت کریں احتجاجی مظاہرے کے اختتام پر مظلوم مسلمان فلسطینی بھائیوں کے لیے دعا بھی کروائی گئی۔

فلسطینیوں کی نسل کشی کا سلسلہ فوری روکا جائے: سنی اتحاد کونسل

اسلامی حکومتیں جہاد کا فوری اعلان کریں۔ غزہ، کشمیر اور دیگر اسلامی ممالک میں ہونے والے ظلم وستم پر خاموش رہنا عذاب الٰہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) انجمن طلبہ اسلام چھانگا مانگا اور اتحاد بلڈ گروپ چھانگا مانگا کے زیر اہتمام فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے لئے بعد نماز جمعہ مرکزی جامع مسجد حنیفہ رضویہ چوک فاروق اعظم تک غزہ مارچ کیا گیا۔ چوک فاروق اعظم میں غزہ مارچ کے شرکاء سے مرکزی جامع مسجد حنیفہ رضویہ کے خطیب مفتی سردار احمد سعیدی، سنی اتحاد کونسل کے مرکزی ترجمان ارشد جماعت اسلامی کے رہنما حافظ نذیر احمد میاں یاسین درانی اور

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

امریکہ اور چین کی تجارتی جنگ میں کوئی کامیاب نہیں ہوگا

امریکہ اور چین کے درمیان شروع ہونے والی تجارتی جنگ اب اپنے عروج کو پہنچتی دکھائی دے رہی ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چین کی طرف سے امریکی مصنوعات پر ٹیرف میں اضافہ کے بعد اب چینی درآمدات پر فوری طور سے 125 فیصد ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کل تک چین کی طرف سے اس کا جواب سامنے آجائے گا۔ دنیا بھر کے ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ اس جنگ کا میں کوئی فاتح نہیں ہوگا۔ امریکہ اور چین اس مقابلے بازی میں ایک دوسرے کو تو زخمی کریں گے لیکن کسی کے لیے اس سے کوئی خاص فائدہ اٹھانا ممکن نہیں ہوگا۔ دونوں ممالک کا معاشی حجم دنیا کی معیشت کے 43 فیصد پر مشتمل ہے۔ اس لیے اگر یہ تجارتی جنگ جاری رہتی ہے تو اس سے کساد بازاری کا شدید اندیشہ پیدا ہوگا۔ اس دوران لوگوں کی قوت خرید کم ہو جائے اور پیداواری صلاحیت متاثر ہوگی۔ چین 2025ء کے لیے پیداواری صلاحیت میں 5 فیصد اضافہ کا ہدف مقرر کیا تھا لیکن امریکہ کے ساتھ شروع ہونے والے مقابلے سے اندیشہ ہے کہ یہ ہدف حاصل ہونا ممکن نہیں ہوگا۔ بعض ماہرین اس ہدف میں نصف فیصد جبکہ بعض دوسرے ایک فیصد تک کمی کا امکان ظاہر کرتے ہیں۔ اسی طرح امریکی معیشت کے جائزے اور تخمینے لگانے والے اداروں نے اب اندیشہ ظاہر کیا ہے کہ موجودہ صورت میں امریکہ میں کساد بازاری کا اندیشہ 55 فیصد تک بڑھ چکا ہے۔ دیکھنا ہوگا کہ چین ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے ٹیرف میں تازہ ترین اضافہ کا کیا جواب دیتا ہے۔ امریکہ نے چین کی طرف سے امریکی مصنوعات پر 84 فیصد ٹیرف کرنے کے بعد چینی درآمدات پر 125 فیصد ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ٹیرف کی اس شرح کے ساتھ امریکہ کے لیے چینی مصنوعات کی درآمد تقریباً ختم ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی مہنگائی معاشی بحران میں تبدیل ہوگی۔ ماہرین 2025ء کے لیے امریکی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کا تخمینہ دو فیصد سے کم کرکے 1 اعشاریہ 3 فیصد کردیا ہے۔ ان اندازوں میں تبدیلی کا امکان موجود ہے۔ تاہم اس کا انحصار دونوں ملکوں کی طرف سے اختیار کیے گئے رویہ پر ہوگا۔ دنیا بھر کے ماہرین اس تجارتی جنگ پر شدید تشویش کا اظہار کررہے ہیں۔ سب اپنے اپنے اندازے قائم کررہے ہیں لیکن کسی کے پاس اس بات کا ٹھوس جواب نہیں ہے کہ اس تجارتی چپقلش کا حتمی نتیجہ کیا برآمد ہوگا۔

البتہ اس بات پر وسیع اتفاق رائے موجود ہے کہ صورت حال عالمی کساد بازاری کی طرف لے جائے گی۔ روزگار کے مواقع کم ہوں گے اور مہنگائی میں اضافہ ہوگا۔ متعدد صنعتیں متاثر ہوسکتی ہیں اور یہ منفی اثرات صرف امریکہ یا چین تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ دنیا بھر میں اس کا اثر محسوس کیا جائے گا۔ اس دوران صرف چین اور امریکہ کے درمیان ہی ایک دوسرے کی مصنوعات پر ٹیرف لگانے کی دوڑ شروع نہیں ہوئی ہے بلکہ کینیڈا کی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ کی طرف سے 25 ٹیرف کا مقابلہ کرنے کے لیے عائد کیا گیا جوابی محصول آج سے امریکی مصنوعات پر لاگو ہو جائے گا۔ دوسری طرف یورپین یونین نے بھی امریکہ کے 20 فیصد ٹیرف کے جواب میں امریکی مصنوعات پر 25 فیصد محصول عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ البتہ اس اضافی محصول کے بارے میں ابھی صورت حال واضح نہیں ہے کیوں کہ صدر ٹرمپ نے چین کے ساتھ ٹیرف کی جنگ شروع ہونے کے بعد چین کے علاوہ باقی تمام ممالک پر عائد کردہ ٹیرف پر عمل درآمد میں 90 دن کا وقفہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس اقدام سے دو باتیں واضح ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو خود بھی پوری دنیا سے شروع کی گئی تجارتی جنگ کے منفی اثرات کا اندازہ ہو رہا ہے اور وہ ایک قدم پیچھے اٹھانے پر مجبور ہوئے ہیں۔ لیکن ایک خود پسند انسان کے طور پر وہ اپنی غلطی ماننے کی بجائے یہ دعویٰ کررہے ہیں۔

قومی سلامتی میں پرنٹ میڈیا کا کردار



میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

پرنٹ میڈیا نے قومی سلامتی کی حرکیات پالیسیوں کی تشکیل، عوام کو تعلیم دینے اور دنیا بھر میں حکومتوں کو جوابدہ ٹھہرانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران پرنٹ میڈیا نے عوامی حوصلے کو برقرار رکھنے، جنگی وقت کے پروپیگنڈے کو پھیلانے اور معلومات کی تقسیم کے ذریعے قومی سلامتی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ برطانوی حکومت عوام تک اہم معلومات پہنچانے کے لیے دی ٹائمز، دی گارڈین اور دی ڈیلی ٹیلی گراف جیسے اخبارات پر بہت زیادہ انحصار کرتی تھی۔ یہ اشاعتیں جنگ کے وقت کے پروپیگنڈے کو پھیلانے، اندرونی محاذ پر حوصلہ بڑھانے اور شہریوں کو جنگ کی پیشرفت سے باخبر رکھنے میں اہم تھیں۔ قومی سلامتی پر پرنٹ میڈیا کے اثرات کی ایک اہم مثال یہ تھی کہ اخبارات نے برطانوی فوج کی کامیابیوں اور چیلنجوں، خاص طور پر برطانیہ کی جنگ کے بارے میں کس طرح رپورٹ کیا۔ پریس نے جرمن جارحیت کا سامنا کرنے میں شہری لچک اور قومی اتحاد کی اہمیت کو مسلسل اجاگر کیا۔ مزید برآں، جنگ کے دوران حکومتی سنسر شپ کی پاسداری کرتے ہوئے پرنٹ میڈیا آؤٹ لیٹس نے شہریوں کو فضائی حملوں، راشننگ اور جنگ کے وقت کی دیگر کوششوں کے بارے میں درست اپ ڈیٹس فراہم کیں۔ پریس اور حکومت کے درمیان اس تعاون نے جدید تاریخ کے سب سے مشکل دور میں سے ایک کے دوران استحکام اور قومی سلامتی کو برقرار رکھنے میں مدد کی۔

سرد جنگ کے دوران، برطانیہ کے پرنٹ میڈیا نے سوویت ایجنٹوں کی جاسوسی اور سلامتی کی خلاف ورزیوں کو بے نقاب کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ مثال کے طور پر دی سنڈے ٹائمز اور دی ڈیلی میل نے تفتیشی رپورٹس شائع کیں جن میں برطانوی انٹیلی جنس ایجنسیوں کے اندر کام کرنے والے جاسوس نیٹ ورکس کا انکشاف ہوا۔ ان رپورٹوں نے جاسوسی کی کارروائیوں کو بے نقاب کرنے، اہم سرکاری عہدوں سے سوویت اثر و رسوخ کو ہٹا کر قومی سلامتی کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کیا۔

پاکستان کے تناظر میں ملک کی قومی سلامتی بیرونی اور اندرونی عوامل کے امتزاج سے تشکیل دی گئی ہے جن میں جغرافیائی سیاسی تناؤ، دہشت گردی، معاشی استحکام اور سیاسی حرکیات شامل ہیں۔ اس پیچیدہ منظر نامے میں میڈیا اور خاص طور پر پرنٹ میڈیا رائے عامہ کی تشکیل، معلومات کے اشتراک، اور حکومت کو جوابدہ ٹھہرانے میں اہم رہا ہے۔ پاکستان کے پرنٹ میڈیا نے سلامتی کے معاملات پر بروقت اور درست رپورٹیں پیش کرکے، رائے عامہ کی تشکیل کرکے اور اہم قومی معاملات پر بات چیت کو فروغ دے کر قومی سلامتی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان میں پرنٹ میڈیا کا ایک بنیادی کام عوام کو ملک کی سلامتی کی صورتحال سے آگاہ کرنا رہا ہے۔ اندرونی دہشت گردی سے لے کر بیرونی خطرات تک پرنٹ میڈیا آؤٹ لیٹس نے ضروری کوریج کی پیشکش کی ہے، جس سے عوام کو ان چیلنجوں کی نوعیت کو سمجھنے اور یہ جاننے میں کہ حکومت کس طرح جواب دے رہی ہے مدد ملتی ہے۔

پاکستان کو داخلی سلامتی کے اہم چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑا ہے، خاص طور پر دہشت گردی اور عسکریت پسندی کی شکل میں، جس کا ملک کے استحکام پر گہرا اثر پڑا ہے۔ دہشت گرد حملوں، بم دھماکوں اور ان شر پسند سرگرمیوں کے بارے میں رپورٹنگ میں پرنٹ میڈیا اہم رہا ہے جن سے قومی سلامتی کو براہ راست خطرہ لاحق ہے۔ مثال کے طور پر 2007ء کے لال مسجد آپریشن، 2014ء کے پشاور اسکول حملے اور تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) جیسے گروہوں کے عروج جیسے واقعات کی میڈیا کی وسیع کوریج نے عوام کو ان انتہا پسند تنظیموں کی طرف سے بڑھتے ہوئے خطرات سے آگاہ رکھا ہے۔ اخبارات دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے سیکورٹی فورسز کی طرف سے استعمال کی جانے والی حکمت عملیوں کے بارے میں ماہرانہ تجزیے اور رائے بھی فراہم کرتے ہیں، انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں میں کامیابیوں اور ناکامیوں دونوں پر رپورٹنگ کرتے ہیں۔ اس سے عوام کو قومی سلامتی کی کوششوں کی پیچیدگیوں کو سمجھنے اور انتہا پسندی سے نمٹنے کے لیے جاری اقدامات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے۔

پاکستان میں پرنٹ میڈیا نے قومی سلامتی کو بڑھانے کے لیے بنائی گئی حکومتی پالیسیوں کو عوام تک پہنچانے کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر بھی کام کیا ہے۔ چاہے وہ 2014ء میں فوج کا آپریشن ضرب عضب ہو یا 2014ء کے پشاور اسکول حملے کے بعد متعارف کرایا گیا نیشنل ایکشن پلان (این اے پی) ہو اخبارات نے ان کارروائیوں کے مقاصد اور پیشرفتوں کو پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ اس طرح کی حفاظتی پالیسیوں کی کوریج ان کی تاثیر اور کسی بھی ممکنہ کوتاہیوں پر بات چیت کی اجازت دیتی ہے۔ میڈیا نے مستقل طور پر سرحدی سلامتی کے مسائل کو اجاگر کیا ہے، خاص طور پر ہندوستان اور افغانستان کے ساتھ، جبکہ امن اور استحکام کو فروغ دینے کے لیے سفارتی کوششوں کو بھی کور کیا ہے۔ اس سے عوام کو ان پالیسیوں کی اہمیت اور پاکستان کے قومی سلامتی کے فریم ورک میں جاری اسٹریٹجک خدشات کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

قومی سلامتی کے بحرانوں کے دوران، پرنٹ میڈیا رائے عامہ کی تشکیل اور اتحاد کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ پاکستان جیسے متنوع ملک میں جہاں سیاسی تقسیم اور نسلی تناؤ اکثر موجود ہوتے ہیں، پرنٹ میڈیا قومی ہنگامی حالات کے دوران متحد کرنے والی قوت کے طور پر کام کرسکتا ہے۔ 1999ء کے کارگل تنازعے یا ہندوستان کے ساتھ جاری کشیدگی جیسے بحرانوں کے دوران، پاکستان کے پرنٹ میڈیا نے اکثر حکومت اور فوج کے لیے عوامی حمایت حاصل کی ہے۔ اخبارات اداریے اور آپ ایڈ شائع کرتے ہیں جو قومی اتحاد پر زور دیتے ہیں اور بیرونی خطرات کا سامنا کرتے ہوئے مسلح افواج کی حمایت کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہیں۔

جہانِ عرفان؛ پاکستان کی موجودہ سیاست اور منافقت



''جہان عرفان''

حافظ محمد عرفان

@hafiz_irfan

Irfankhaan@yahoo.com

پاکستان ایک ایسا ملک ہے جو نظری؟ اسلام اور مساوات کے سنہری اصولوں کی بنیاد پر قائم ہوا تھا۔ مگر آج جب ہم اپنے اردگرد نظر دوڑاتے ہیں، تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم نے ان اصولوں کو محض کتابی باتوں اور تقریری دعووں کی حد تک محدود کردیا ہے۔ پاکستان کی موجودہ سیاست کا اگر غیر جانبداری سے تجزیہ کیا جائے تو سب سے نمایاں پہلو جو سامنے آتا ہے، وہ "منافقت" ہے — ایسی منافقت جو اب صرف انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی اور ادارہ جاتی شکل اختیار کرچکی ہے۔

آج کے سیاستدان قول و فعل کے تضاد کا جیتا جاگتا نمونہ بن چکے ہیں۔ ایک طرف عوامی جلسوں میں بلند و بانگ دعوے کیے جاتے ہیں، غریبوں کے لیے درد کے نعرے لگائے جاتے ہیں، جبکہ دوسری طرف اسٹیبلشمنٹ اور بیرونی طاقتوں کی خوشنودی کے لیے پس پردہ معاہدے کیے جاتے ہیں۔ قوم کو سبز باغ دکھا کر جب اقتدار کی سیڑھی چڑھ لی جاتی ہے تو عوامی فلاح پس پشت ڈال دی جاتی ہے، اور ہر جانب صرف ذاتی مفادات، کرسی کی بقا، اور اپنے خاندانوں کے تحفظ کی فکر باقی رہ جاتی ہے۔

اخبارات اور میڈیا پر ایک اور تماشا چل رہا ہے — ایک تصویر، ایک افتتاح، اور ساتھ میں ایک ایسا بیان جیسے پوری قوم پر احسان کیا جا رہا ہو۔ یہ بھول جاتے ہیں کہ عوام کی خدمت ان کا فرضِ منصبی ہے، کوئی ذاتی خیرات یا احسان نہیں۔ لیکن افسوس کہ سیاستدانوں کی تشہیر کا انداز ہی سب کچھ بتا دیتا ہے۔

بیوروکریسی کا حال بھی کچھ مختلف نہیں۔ جہاں میرٹ کی دھجیاں اڑائی جاتی ہیں، وہاں اقربا پروری اور ذاتی تعلقات کی بنیاد پر فیصلے کیے جاتے ہیں۔ قانون ساز ادارے، جو قوم کی سمت متعین کرتے ہیں، وہ بھی کسی کے اشاروں کے محتاج دکھائی دیتے ہیں۔ عدلیہ، جو انصاف کی آخری امید ہے، وہ بھی کبھی دباؤ میں، کبھی خاموشی میں لپٹی ہوئی نظر آتی ہے۔ صحافت، جو معاشرے کی آنکھ اور زبان تھی، وہ بھی اب بیشتر جگہوں پر کاروبار، مصلحت یا مافیا کے شکنجے میں ہے۔

یہ سب کچھ صرف اداروں کا مسئلہ نہیں، یہ ایک اجتماعی رویہ بن چکا ہے۔ معاشرے کے ہر طبقے میں ایک دوہرا معیار پنپ چکا ہے۔ سچ کہیے تو ہمیں اب جھوٹ، مفاد اور دھوکہ دہی میں مہارت حاصل ہو چکی ہے۔

ہمیں شاید اندازہ بھی نہیں کہ یہ منافقت ہمیں کہاں لے جارہی ہے۔ اب نوبت یہاں تک آ پہنچی ہے کہ ملک کا کوئی سابق وزیر اعظم، کوئی بزنس مین، یا کوئی ریٹائرڈ جنرل بھی محفوظ نہیں۔ ہر کوئی کسی بھی وقت کسی بھی رگڑے میں آسکتا ہے، اور قانون صرف کمزور کے لیے حرکت میں آتا ہے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ ہماری سیاسی جماعتیں ذاتی جاگیریں بن چکی ہیں۔ ایک مخصوص خاندان، اس کا اگلا وارث، اور پھر اس کے بعد اس کا جانشین — جیسے ملک عوام کی نہیں بلکہ ان کی ملکیت ہو۔ ایک عام محنت کش کا بچہ اگر صلاحیت بھی رکھتا ہو تو وہ کبھی ان ایوانوں تک نہیں پہنچ سکتا جہاں فیصلے ہوتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ آج تعلیم یافتہ نوجوان، اہل دماغ، ہنرمند افراد ملک چھوڑنے کو ترجیح دے رہے ہیں۔ انہیں یہاں اپنا مستقبل تاریک اور غیر یقینی دکھائی دیتا ہے۔ یہاں نہ عدل ہے، نہ احترام، نہ تحفظ۔ ملک سے محبت کی جاتے ہیں۔ قانون ساز ادارے، جو قوم کی سمت متعین کرتے ہیں، وہ بھی کسی کے اشاروں کے محتاج دکھائی دیتے ہیں۔ عدلیہ، جو انصاف کی آخری امید ہے، وہ بھی کبھی دباؤ میں، کبھی خاموشی میں لپٹی ہوئی نظر آتی ہے۔ صحافت، جو معاشرے کی آنکھ اور زبان تھی، وہ بھی اب بیشتر جگہوں پر کاروبار، مصلحت یا مافیا کے شکنجے میں ہے۔

یہ سب کچھ صرف اداروں کا مسئلہ نہیں، یہ ایک اجتماعی رویہ بن چکا ہے۔ معاشرے کے ہر طبقے میں ایک دوہرا معیار پنپ چکا ہے۔ سچ کہیے تو ہمیں اب جھوٹ، مفاد اور دھوکہ دہی میں مہارت حاصل ہو چکی ہے۔

ہمیں ایک اور اہم اور بنیادی نکتہ ہر حال میں ذہن نشین رکھنا ہوگا، اور وہ یہ کہ ریاست کے ہر ادارے کو اپنی اپنی آئینی حدود میں رہ کر کام کرنا چاہیے۔ آئین پاکستان ایک مقدس دستاویز ہے جو ریاست کے تمام ستونوں — مقننہ، عدلیہ، انتظامیہ، اور دیگر ریاستی اداروں — کے اختیارات اور ذمہ داریاں متعین کرتا ہے۔ کسی بھی ادارے کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ دوسروں کے دائرہ اختیار میں دخل اندازی کرے یا اپنی حیثیت سے تجاوز کرے۔

بدقسمتی سے، ہمارے ہاں اکثر ادارے اپنی آئینی حدود سے باہر نکل کر خود کو "سپر ادارہ" ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کوئی ادارہ خود کو محافظِ اخلاق بنا لیتا ہے، کوئی خود کو واحد منصف، تو کوئی خود کو عقلِ کُل سمجھ بیٹھتا ہے۔ یوں عوامی نمائندوں کا اختیار، عدالتوں کا وقار، اور بیوروکریسی کی فعالیت — سب متاثر ہوتی ہے۔

یہ بات سمجھنا نہایت ضروری ہے کہ ریاست کے اصل مالک عوام ہیں، اور ہر ادارہ دراصل عوامی خدمت کے لیے قائم کیا گیا ہے، نہ کہ اپنی برتری، طاقت یا پسند و ناپسند کے اظہار کے لیے۔ اگر ہر ادارہ صرف اپنی آئینی دائرے میں کام کرے، اور دوسروں کی حدود کا احترام کرے، تو نظام میں توازن، شفافیت اور کارکردگی خود بخود آجائے گی۔

یہ ملک مقدس ہے، اس کے شہری اس ملک کی روح ہیں، اور اس کا آئین وہ زنجیر ہے جو سب کو جوڑتی ہے۔ آئین کی بالادستی ہی وہ واحد راستہ ہے جو ہمیں ایک باوقار، بااعتماد اور مضبوط قوم بنا سکتا ہے۔ ہم کب تک آئینی دائرہ کار کو توڑ کر طاقت کے کھیل کھیلتے رہیں گے؟ کب تک ادارے اپنی اصل ذمہ داریوں سے منہ موڑ کر غیر ضروری مداخلت کرتے رہیں گے؟

وقت آگیا ہے کہ ہم ادارہ جاتی توازن، آئینی وفاداری، اور عوامی خودمختاری کو بحال کریں۔ یہی وہ بنیاد ہے جس پر ایک حقیقی فلاحی ریاست کی تعمیر ممکن ہے۔



غزل

اپنی گمراہی مری وجہ ہزیمت نہ بتا
آخرش عمر میں دستورِ محبت نہ بتا
تو نے اک عمر سنائی کسی ساحل کی نوید
چین سے ڈوب رہا ہوں کوئی راحت نہ بتا
عمر رفتہ کے امیں جیسے کٹی بیت گئی
کون کیسا تھا کہاں کب تھا حقیقت نہ بتا
پہلے نفرت تھی محبت سے تجھے اے ہمدم
اب ہوں چاہت سے گریزاں مجھے چاہت نہ بتا
اپنے ہاتھوں کی لکیروں میں تلاش و مجھ کو
میرے آسودۂ قسمت میری قسمت نہ بتا
اپنے محسن کے ہر احسان جہاں دیدہ پر
قصۂ جود و سخا ازرہِ شفقت نہ بتا
سید شاہد محسن (لاہور)

اس سے زائد کچھ نہیں



میری بات

روہیل اکبر

www.facebook.com/Rohailakbar

03004821200

E-mail: rohailakbar@gmail.com

پاکستان کے لیے اپنے تن، من اور دھن کی قربانی دینے والے آج ہم میں موجود نہیں کچھ راستے میں کٹ گئے کچھ منزل کے قریب شہید کردیے گئے اور جو رلتے ہوئے سرحد پار کرکے پاکستان پہنچے انہیں بعد میں ہم رلا دیا طاقتور نہ صرف اپنے کلیم لے بلکہ کئی دوسروں کے بھی ہضم کرگیا غریب اور محنت کش اپنا حق مانگتے مانگتے دنیا سے ہی چلا گیا اور اب ان لوگوں کی تقریباً تیسری نسل سب کچھ بھول بھال کر تعمیر وطن میں لگے ہوئے ہیں کچھ کو یاد ہے اور اکثریت نے بھلا دیا کہ پاکستان کی بنیادوں میں انکے بزرگوں کا خون شامل ہے لازوال اور بے شمار قربانیاں دینے والوں کی اولادیں آج بھی قربانیاں دے رہی ہے اور مفاد پرست پہلے بھی انکا حق غصب کرگئے تھے اور آج بھی انہوں نے ہی لوٹ مار مچا رکھی ہے قیام پاکستان برصغیر کی تاریخ کا ایک اہم ترین باب ہے جس کے نتیجے میں ایک نئی اسلامی ریاست کا ظہور ہوا اس جدوجہد میں برصغیر کے مسلمانوں نے بے مثال قربانیاں دیں اور اپنی جان و مال کی پرواہ کیے بغیر ایک آزاد وطن کے حصول کے لیے ہر ممکن کوشش کی ان قربانیوں میں سب سے زیادہ المناک اور اہم کردار ان لاکھوں مہاجرین کا تھا جنہوں نے اپنا سب کچھ چھوڑ کر ایک نئے وطن کی طرف ہجرت کی اور اس کی بنیادوں کو اپنے خون اور پسینے سے سینچا تقسیم ہند کے اعلان کے ساتھ ہی برصغیر میں فرقہ وارانہ فسادات کا ایک ہولناک سلسلہ شروع ہوگیا انتہا پسندوں نے مسلمانوں پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑ دیے ماؤں بہنوں کی عزتیں پامال کی گئی خاندانوں کے خاندان قتل کردیے گئے ایک قیامت کا منظر تھا یہ ہجرت تاریخ کی سب سے بڑی اور المناک ہجرتوں میں سے ایک تھی مہاجرین نے اس دوران جو مصائب اور مشکلات برداشت کیں وہ ناقابل بیان ہیں انہوں نے اپنے گھربار، زمینیں، کاروبار اور عزیز و اقارب سب کچھ چھوڑ دیا راستے میں انہیں بھوک، پیاس، بیماریوں اور لٹیروں کا سامنا کرنا پڑا ہزاروں مرد، عورتیں اور بچے ان فسادات کی بھینٹ چڑھ گئے اور جو زندہ بچے وہ ایک نئے اور انجان وطن میں بے سروسامانی کی حالت میں پہنچے ان تمام مصائب کے باوجود مہاجرین کا جذبہ اور حوصلہ بلند تھا کہ وہ اپنے ملک میں آبسے ہیں جہاں انہیں کوئی تکلیف نہیں ہوگی انکا حق انہیں مل کے رہے گا انہوں نے ہمت نہیں ہاری اور ایک نئے وطن کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ان کے پاس اگرچہ مال و دولت نہیں تھا لیکن ان کے پاس ایک مضبوط عزم، محنت کرنے کی لگن اور ایک روشن مستقبل کا خواب ضرور تھا مہاجرین نے پاکستان پہنچ کر نہ صرف اپنے آپ کو سنبھالا بلکہ نئے ملک کی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کیا انہوں نے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا تعلیم، صحت، تجارت، صنعت اور زراعت سمیت ہر شعبے میں ان کی محنت اور لگن نے پاکستان کو ایک مضبوط اور مستحکم ریاست بنانے میں اہم کردار ادا کیا مہاجرین کی قربانیاں صرف جان و مال تک محدود نہیں تھیں انہوں نے اپنی ثقافت، زبان اور روایات کو بھی نئے ماحول میں زندہ رکھا اور پاکستانی معاشرے کو ایک نئی رنگینی اور تنوع بخشا ان کی کہانیاں، ان کے تجربات اور ان کی جدوجہد آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہیں لیکن بدقسمتی سے ہمارے سر پر سوار بابوؤں نے انہیں ایسا ذلیل و رسوا کیا کہ بہت سے مہاجرین کی اولادیں آج بھی اپنی ان جائیدادوں سے محروم ہیں جو وہ پیچھے چھوڑ کر آئے تھے اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ مہاجرین کی قربانیوں کے نتیجے میں ہی پاکستان کا وجود ممکن ہوا ان کا کردار ہماری قومی تاریخ کا ایک روشن باب ہے اور ہمیں انکے اس روشن باب کو بند نہیں کرنا چاہیے اب بھی اگر انہیں انکا حق دیدیا جائے تو یہ کوئی احسان نہیں ہوگا اس حوالہ سے اگر کوئی درد رکھتا ہے تو وہ میاں حنیف طاہر ہے جو ایڈووکیٹ سپریم کورٹ ہیں بینکنگ ٹریبونل کے جج رہے پیپلز لائرز فورم کے صدر رہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ایک عام آدمی کے مسائل کو اپنے لیے مسئلہ بنا لیتے ہیں اور اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھتے جب تک وہ مسئلہ حل نہیں ہو جاتا اب انہوں نے پاکستان کیلئے اپنا سب کچھ قربان کردینے والے ان مہاجرین کے لیے انہیں انکا حق دلوانے کیلئے تحریک حقوق مہاجرین پاکستان کے نام سے ایک پلیٹ فارم بنایا ہے اس حوالہ سے انکے جذبات انکی زبانی پڑھتے ہیں۔ تقسیم ہند کے وقت لاکھوں کروڑوں مسلمان، ہندوستان چھوڑ کر اپنے گھربار، کاروبار، زمین جائیداد اور مال مویشی سب کچھ چھوڑ کر نئے وطن پاکستان ہجرت کرکے آگئے حکومت پاکستان نے ان کو بسانے اور ان کے مال و اسباب کی تلافی کیلئے قانون بحالیات، محکمہ بحالیات، آبادکاری اور محکمہ بھی بنایا جس کے تحت ان کو کلیم داخل کرنے کے عوض اراضی اور جائیدادیں بھی دی گئیں جن لوگوں نے کلیم داخل نہیں کیے انہیں تو کچھ بھی نہ ملا البتہ کلیم داخل کرنے والے بیشتر خاندانوں کو اراضی اور جائیدادیں دی گئیں جبکہ بے شمار ایسے گھرانے بھی ہیں جنہوں نے کلیم تو داخل کیے مگر انہیں اس کے متبادل کچھ نہ ملا حتیٰ کہ وہ قانون بھی 1975ء میں ختم ہوگیا مگر ہندوستان سے آنے والے مہاجرین کی ایک خاصی تعداد کو گھر مل سکا نہ جائیدادیں اور نہ ہی زرعی اراضی۔ ان خاندانوں کے وارثان جن کی تیسری نسل بھی بوڑھی ہوچکی ہے بے گھر، بے روزگار ہیں اور ہجرت کی سزا بھگت رہے ہیں کئی جگہ ان کے حقوق پر وڈیروں، سیاست دانوں اور اشرافیہ نے قبضہ کرلیا ان کے نام پر یونٹس خرد برد کرلیے گئے کم از کم ہر ہجرت کرنے والا خاندان گھر اور روزگار قربان کرکے تو آیا تھا جو اپنے نئے ملک آکر اس سے بھی محروم رہا ہے اور تو اور شائد حکومت کے پاس ان خاندانوں اور ان کے مورث اعلیٰ کے وارثان کے صحیح اعداد و شمار بھی نہ ہوں اگر ہیں تو ان کو بطور شہری حق رہائش، حق روزگار کیوں فراہم نہیں کیا گیا وہ تو اپنی جگہ، مگر بے بسی کی حد بھی کوئی ہوتی ہے۔

ہمیں ایک اور اہم اور بنیادی نکتہ ہر حال میں ذہن نشین رکھنا ہوگا، اور وہ یہ کہ ریاست کے ہر ادارے کو اپنی اپنی آئینی حدود میں رہ کر کام کرنا چاہیے۔ آئین پاکستان ایک مقدس دستاویز ہے جو ریاست کے تمام ستونوں — مقننہ، عدلیہ، انتظامیہ، اور دیگر ریاستی اداروں — کے اختیارات اور ذمہ داریاں متعین کرتا ہے۔ کسی بھی ادارے کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ دوسروں کے دائرہ اختیار میں دخل اندازی کرے یا اپنی حیثیت سے تجاوز کرے۔

بدقسمتی سے، ہمارے ہاں اکثر ادارے اپنی آئینی حدود سے باہر نکل کر خود کو "سپر ادارہ" ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کوئی ادارہ خود کو محافظِ اخلاق بنا لیتا ہے، کوئی خود کو واحد منصف، تو کوئی خود کو عقلِ کُل سمجھ بیٹھتا ہے۔ یوں عوامی نمائندوں کا اختیار، عدالتوں کا وقار، اور بیوروکریسی کی فعالیت — سب متاثر ہوتی ہے۔

یہ بات سمجھنا نہایت ضروری ہے کہ ریاست کے اصل مالک عوام ہیں، اور ہر ادارہ دراصل عوامی خدمت کے لیے قائم کیا گیا ہے، نہ کہ اپنی برتری، طاقت یا پسند و ناپسند کے اظہار کے لیے۔ اگر ہر ادارہ صرف اپنی آئینی دائرے میں کام کرے، اور دوسروں کی حدود کا احترام کرے، تو نظام میں توازن، شفافیت اور کارکردگی خود بخود آجائے گی۔

یہ ملک مقدس ہے، اس کے شہری اس ملک کی روح ہیں، اور اس کا آئین وہ زنجیر ہے جو سب کو جوڑتی ہے۔ آئین کی بالادستی ہی وہ واحد راستہ ہے جو ہمیں ایک باوقار، بااعتماد اور مضبوط قوم بنا سکتا ہے۔ ہم کب تک آئینی دائرہ کار کو توڑ کر طاقت کے کھیل کھیلتے رہیں گے؟ کب تک ادارے اپنی اصل ذمہ داریوں سے منہ موڑ کر غیر ضروری مداخلت کرتے رہیں گے؟

وقت آگیا ہے کہ ہم ادارہ جاتی توازن، آئینی وفاداری، اور عوامی خودمختاری کو بحال کریں۔ یہی وہ بنیاد ہے جس پر ایک حقیقی فلاحی ریاست کی تعمیر ممکن ہے۔

معدنیات ذخیر

وزیر اعظم شہباز شریف، آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور متعدد وزرا نے اسلام آباد میں معدنیات کے متعلق منعقد ہونے والے 2 روزہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2025ء سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان میں معدنیات کے ذخیروں، ان کی دریافت سے حاصل ہونے والے مالی وسائل سے متوقع ترقی اور سرمایہ کاری کے بارے میں امید افزا باتیں کی ہیں۔ وزیر اعظم نے تو یہاں تک کہا کہ 'پاکستان میں کھربوں ڈالر کی معدنیات دفن ہیں۔ بس اب انہیں تلاش کرنے اور بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ متعدد معدنیات جن میں ایسی نایاب زمینی منرلز بھی شامل ہیں جو جدید ہائی ٹیکنالوجی میں استعمال ہوتے ہیں، کے بارے میں محض ابتدائی سروے یا قیاس آرائیاں ہی موجود ہیں۔ یہ تو قابل فہم ہے کہ وزیر اعظم شدید مہنگائی اور معاشی مشکلات کا سامنا کرنے والے پاکستانی عوام کو حوصلہ و امید کا پیغام دینا چاہتے ہیں۔

لیکن انہیں ایسے مواقع پر الفاظ کے چناؤ؟ میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے تاکہ لوگوں پر حقیقی صورت حال واضح ہو اور کل کلاں کوئی سوشل میڈیا ٹرینڈ یہ دعویٰ کرتا دکھائی نہ دے کہ ملک سے کھربوں ڈالر کی معدنیات نکلی تھیں لیکن نا اہل اور بدعنوان سیاست دان منصوبہ نہیں ہے، جس میں کوئی بھی شہری کدال اٹھا کر محنت کرے اور آرمی چیف کے بقول اپنی اور ملک کی تقدیر تبدیل کردے۔ باتوں کی حد تک یہ سب خیالات خوش نما ضرور ہیں مگر انہیں عملی جامہ پہنانے کے لیے جس اتفاق رائے، قومی یک جہتی و ہم آہنگی کی ضرورت ہے، وہ فی الوقت دستیاب نہیں ہے۔ وزیر اعظم نے تو اپنی تقریر میں آسانی سے فرما دیا کہ پاکستان میں کھربوں ڈالر کی معدنیات دفن ہیں۔ بس اب انہیں تلاش کرنے اور بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ متعدد معدنیات جن میں ایسی نایاب



حرف رواں

تحریر

ڈاک



قوت SHOWBIZ

ٹیم میں واپسی کو ثقلین مشتاق سے جوڑا جاتا ہے تو دکھ ہوتا ہے، شاداب خان

پردے کے پیچھے بہت سے کام ہوتے ہیں جو عوام کو نظر نہیں آتے، بات چیت



لاہور (این این آئی) ٹی 20 میں پاکستان ٹیم کے نائب کپتان شاداب خان نے ٹیم میں واپسی پر سُسر ثقلین مشتاق کے کردار کے الزام پر خاموشی توڑ دی۔ نجی ویب سائٹ سے گفتگو میں شاداب خان نے کہا کہ گزشتہ 6، 7 سال سے قومی ٹیم کے لیے کھیل رہا ہوں، اس دوران میں نے کچھ اچھی پرفارمنس دی، میری دو سال قبل شادی ہوئی تھی لیکن جب ثقلین مشتاق کے ساتھ تعلق بار بار سامنے آتا ہے تو دکھ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ خاص طور پر تکلیف دہ ہوتا ہے جب سابق کرکٹرز اس طرح کے ریمارکس دیتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ ایک کھلاڑی پر کیا گزرتی ہے۔ شاداب خان کا کہنا ہے کہ پردے کے پیچھے بہت سے کام ہوتے ہیں جو عوام کو نظر نہیں آتے لیکن ہمارے ملک میں نتائج سب سے اہم ہیں، ہم ان کے لیے سخت محنت کر رہے ہیں۔ ثقلین کے اثر و رسوخ پر شاداب نے کہا کہ وہ میری بولنگ کو بہتر بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں

پی ایس ایل دنیا کی بہترین لیگ بن چکی ہے، ڈیوڈ ولی

پی ایس ایل اور آئی پی ایل ایک ہی وقت ہو رہے ہیں مگر مجھے پی ایس ایل زیادہ اچھا لگ رہا ہے، گفتگو



کراچی (این این آئی) انگلینڈ کے تجربہ کار کرکٹر ڈیوڈ ولی نے کہا ہے کہ پی ایس ایل دنیا کی بہترین لیگ بن چکی ہے۔ ملتان سلطانز کے پریکٹس سیشن سے قبل نیشنل سٹیڈیم کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے 35 سالہ ڈیوڈ ولی نے کہا کہ پی ایس ایل اور آئی پی ایل ایک ہی وقت میں منعقد ہو رہے ہیں لیکن مجھے پاکستان لیگ میں شرکت کر کے زیادہ اچھا لگ رہا ہے۔ عالمی ٹی 20 کپ 2022 کی فاتح ٹیم کے رکن ڈیوڈ ولی نے پی ایس ایل 10 میں بہترین پرفارمنس دکھانے کے عزائم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے کہ لیگ میں دلچسپ مقابلے ہوں گے، ہماری کوشش ہوگی کہ جمعہ سے شروع ہونے والے 10 ویں ایڈیشن میں بہترین کارکردگی دکھائیں اور اچھی کرکٹ کھیلیں۔

ایمن کی بیٹی کی کلمہ پڑھنے کی خوبصورت ویڈیو وائرل

والدین کی اولین ذمہ داری بچوں کی اسلامی اصولوں پر پرورش اور تربیت کرنا ہے، صارفین کے کمنٹس



کراچی (این این آئی) ڈرامہ انڈسٹری کی کامیاب ترین جوڑی ایمن اور منیب اپنی ہر خوشی میں مداحوں کو بھی شامل کرتے ہیں اور ایسے ہی ایک موقع کی ویڈیو دیکھتے ہی دیکھتے وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں منیب بٹ اور ایمن خان کی بیٹی میرل کو کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ میرل منیب نہایت معصومیت اور خوبصورت انداز سے پورا کلمہ طیبہ پڑھتی ہے۔ ان کی زبان سے کلمے کی ادائیگی بہت روح پرور محسوس ہوتی ہے۔ کلمہ طیبہ پڑھنے کی ویڈیو دیکھتے ہی دیکھتے سوشل پلیٹ فارمز پر وائرل ہوگئی اور صارفین نے میرل کے لیے دعاوں اور نیک تمناوں کا اظہار کیا۔ مداحوں نے بیٹی کی بہترین تربیت اور بنیادی اسلامی تعلیمات سے بیٹی کو روشناس کرانے پر ایمن اور منیب کی تعریف بھی کی۔ کمنٹس میں صارفین نے لکھا کہ والدین کی اولین ذمہ داری بچوں کی اسلامی اصولوں پر پرورش اور تربیت کرنا ہے۔

تگڑی ہوں، موٹاپے سے خوش کومل میر کا ناقدین کو جواب

ہمیں خود سے محبت کرنا سیکھنا چاہیے اصل خوبصورتی تو خود اعتمادی میں ہے، کومل میر



لاہور (این این آئی) شوبز کی دنیا کے چمکتے ستارے اپنے وزن اور ملبوسات کے لیے بہت حساس ہوتے ہیں لیکن ایسے بھی فنکاروں کی کمی نہیں جو اپنی زندگی آپ جیتے ہیں۔ باصلاحیت اور دلکش اداکارہ کومل میر نے کچھ عرصہ قبل پلاسٹک سرجری کروائی تھی اور ساتھ ہی ان کے وزن میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ کومل میر اپنے بڑھتے ہوئے وزن سے پریشان نہیں بلکہ خوش ہیں اور دوستوں کے ساتھ ایک ملاقات میں ہنستے ہوئے کہا کہ اب میں تگڑی ہو گئی ہوں۔ یہ ملاقات اداکارہ یشما گل کے کیفے میں ہوئی تھی جہاں کومل میر کے ساتھ حبا علی اور دیگر ساتھی اداکارائیں بھی موجود تھیں۔ کومل میر نے اپنی دوستوں کو کسی باڈی بلڈر کی طرح اپنا بازو دکھاتے ہوئے کہا کہ ''اب میں تگڑی ہو گئی ہوں''، ہمیں خود سے محبت کرنا سیکھنا چاہیے اصل خوبصورتی تو خود اعتمادی میں ہے۔

ماہرہ خان پشاور زلمی کی ایمبیسیڈر مقرر، خصوصی شارٹ فلم بھی جاری



اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی فرنچائز پشاور زلمی نے عالمی شہرت یافتہ پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان کو ایمبیسیڈر مقرر کر لیا۔ خصوصی شارٹ فلم 'زلمی ایکس لگیسی' اور 12 یتھم 'دی جرنی ہوم' اور 'دی ڈسٹ وار' بھی جاری کر دیے۔ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم یوٹیوب پر 8 منٹ 20 سیکنڈز کی خصوصی شارٹ فلم میں ماہرہ خان کے ساتھ بابر اعظم اور صائم ایوب بھی دکھائی دے رہے ہیں۔ اس خصوصی شارٹ فلم میں پشاور زلمی کے 2 اہم بھی شامل ہیں

لاہور میں گرمی سے ویسٹ انڈین کپتان ہیلی میتھیوز بے ہوش ہوگئیں

اسٹریچر پر میدان سے باہر لے جایا گیا، گراؤنڈ میں واپسی پر اسکاٹ لینڈ کیخلاف سنچری اسکور کی



لاہور (این این آئی) ویسٹ انڈین کپتان ہیلی میتھیوز کو اسٹریچر پر میدان سے باہر لے جایا گیا پھر انہوں نے گراؤنڈ میں واپسی پر اسکاٹ لینڈ کے خلاف سنچری اسکور کی۔ بیٹنگ کے دوران ہیلی میتھیوز نے چار وکٹیں بھی حاصل کیں تھیں۔ میتھیوز ون ڈے کی تاریخ میں چار وکٹیں لینے کے ساتھ سنچری بنانے والی چوتھی خاتون کرکٹر بن گئی ہیں۔ واضح رہے کہ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 23 ڈگری تک پہنچ گیا جبکہ زیادہ سے زیادہ 40 ڈگری تک جانے کے امکانات ہیں۔ کل سے 11 اپریل کے درمیان لاہور اور پنجاب کے بعض اضلاع میں بادلوں کا سسٹم داخل ہوگا۔

پی ایس ایل 10 کے ترانے نے وقار یونس کا دل جیت لیا



اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان، حالیہ کوچ و کمنٹیٹر وقار یونس نے پاکستان سپر لیگ 10 کے اختتم کی تعریف کی ہے۔ وقار یونس نے مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر ایک پیغام کے ذریعے پی ایس ایل 10 کے ترانے اور اس کے گلوکاروں کو سراہا ہے۔ وقار یونس نے اپنے ایکس پیغام میں لکھا ہے کہ پی ایس ایل 10 کیلئے آپ نے کیا شاندار ترانہ بنایا ہے، آپ سب مل کر اسٹیڈیم میں دھمال ڈالنے جا رہے ہیں۔

باہر سے آنے والوں کو اسٹار کڈز سے مقابلہ کرنا پڑتا ہے، نوشرت بھروچا



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ نوشرت بھروچا نے کہا ہے کہ باہر سے آنے والوں کو اسٹار کڈز سے مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔ خوبرو اداکارہ نے حالیہ انٹرویو میں اقربا پروری اور فلم انڈسٹری میں ایک آؤٹ سائیڈر (باہر سے آنے والے) کے طور پر کام کرنے کے تجربے پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ اسٹار کڈز کو مواقع زیادہ ملتے ہیں، لیکن ان پر بھی توقعات اور دباؤ کا بوجھ ہوتا ہے۔ اپنے انٹرویو میں انکا کہنا تھا کہ میرا اس معاملے پر ایک متوازن نقطہ نظر ہے۔

رانی مکھرجی کو متعارف کرانیوالے فلم پروڈیوسر چل بسے

سلیم اختر نے 1997 میں رانی مکھرجی کو فلم ''راجا کی آئیگی بارات'' سے متعارف کروایا



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے سینئر فلم پروڈیوسر سلیم اختر 82 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ اداکار راج ببر، رضا مراد اور شہباز خان ان شخصیات میں شامل تھے جو سب سے پہلے سلیم اختر کی آخری رسومات میں شرکت کے لیے پہنچے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پروڈیوسر سلیم اختر نے معروف اداکاراؤں کے کیریئر کی شروعات میں اہم کردار ادا کیا۔ سلیم اختر نے 1997 میں رانی مکھرجی کو فلم ''راجا کی آئے گی بارات'' سے بالی وڈ میں متعارف کروایا، جو ان کی پہلی ہندی فلم تھی۔ بعد ازاں 2005 میں انہوں نے تمنا بھاٹیا کو 'چاند سا روشن چہرہ' کے ذریعے لانچ کیا۔ دونوں اداکاراں نے انڈسٹری میں مقبولیت حاصل کی۔ سلیم اختر کی خدمات بھارتی فلم انڈسٹری، خصوصا 1980 اور 1990 کی دہائی میں بے حد نمایاں رہیں۔ ان کی پروڈیوس کردہ مشہور فلموں میں قیامت، لوہا، ہٹوارہ، پھول اور انگارے، بازی، چوروں کی برات وغیرہ شامل ہیں۔

انڈسٹری میں صنفی بنیاد پر خواتین کو زیادہ معاوضہ ملتا ہے، عثمان خالد بٹ



لاہور (شوبز رپورٹر) معروف اداکار عثمان خالد بٹ نے کہا ہے کہ شوبز انڈسٹری میں صنفی بنیاد پر خواتین کو مردوں سے زیادہ معاوضہ ملتا ہے۔ عثمان خالد بٹ نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر بات کی، پروگرام کے دوران بات کرتے ہوئے عثمان خالد بٹ نے دعویٰ کیا کہ شوبز انڈسٹری میں مرد اداکاروں کے مقابلے خاتون اداکاروں کو ترجیح دی جاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے شوبز انڈسٹری میں کبھی نسلی بنیادوں پر امتیازی سلوک کا سامنا نہیں کیا

پاکستان انڈر 23 ورلڈ اسکواش کا چیمپئن بن گیا

پاکستان کے نورزمان نے مصر کے کریم التور کی کو دو کے مقابلے میں تین گیم سے شکست دی



لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان انڈر 23 ورلڈ اسکواش کا چیمپئن بن گیا، پاکستان کے نور زمان نے مصر کے کریم التر کی کو دو کے مقابلے میں تین گیم سے شکست دی۔ پاکستان اسکواش فیڈریشن اور سندھ اسکواش ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ڈی ایچ اے کریک کلب میں جاری چیمپئن شپ کے سیمی فائنل کے موقع پر ورلڈ اسکواش فیڈریشن کی صدر دینا ویلڈ ریچ، اسکواش لیجنڈ جہانگیر خان، قمر زمان اور دیگر بھی موجود تھے۔ میچز کے پہلے سیمی فائنل میں نمبر دو سیڈ پاکستان کے نور زمان نے ملائیشیا کے امیشر اج چندران کو شکست دی۔ مصر کے کریم التور کی نے ایونٹ کے ٹاپ سیڈ ہم وطن ابراہیم ایلکہانی کو 53 منٹ کے سخت شکست دی تھی۔ وینمز کا فائنل فیروز ابوالخیر اور چین سنک یوک کے درمیان ہوگا

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ



ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کی ریڈیالوجی وارڈ کا دورہ

وارڈ میں آئے ہوئے مریضوں کی عیادت کی اور ان سے دستیاب سہولیات بارے دریافت کیا



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کی ریڈیالوجی وارڈ کا دورہ، وارڈ میں آئے ہوئے مریضوں کی عیادت کی اور ان سے دستیاب سہولیات بارے دریافت کیا، وارڈ میں عوامی شکایات کے لئے کمپلینٹ نمبر آویزاں کرنے کی ہدایت، ڈاکٹرز کی حاضری چیک کی اور خراب مشینری کو فوری ٹھیک کروانے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید کی ہدایت پر ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے ریڈیالوجی وارڈ کا دورہ کیا۔ انہوں نے وارڈ میں آئے ہوئے مریضوں سے طبی سہولیات بارے دریافت کیا۔ انہوں نے وارڈ میں عوامی شکایات کے لئے کمپلینٹ نمبر آویزاں نہ ہونے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فوری نمبر آویزاں کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ڈاکٹرز کی حاضری چیک اور کہا کہ وارڈ میں خراب مشینری کو فوری ٹھیک کروایا جائے تاکہ مریضوں کو باہر سے ٹیسٹ وغیرہ نہ کروانے پڑیں۔ انہوں نے وارڈ میں صفائی سمیت دیگر سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر نثار احمد سعیدی نے بتایا کو ہسپتال میں 9 الٹراساؤنڈ مشینوں میں سے 6 فنکشنل ہیں جبکہ باقی 3 مشینیں ریپئرنگ پراسس میں ہیں۔ اسی طرح 3 ایکسرے مشینوں میں سے 2 فنکشنل ہیں جبکہ خراب مشین وارنٹی میں ہونے کی وجہ سے سامان بیرون ملک سے منگوایا جا رہا ہے۔ ایک سٹی سکین مشین اور ایک ایم آر آئی بھی فنکشنل ہیں۔ 4 پورٹ ایبل ایکسرے مشینوں میں سے 2 فنکشنل جبکہ دو کی مرمت کروائی جا رہی ہے۔ اسی طرح ایک میموگرافی مشین اور ایک فلوروسکوپی ڈیجیٹیل مشین بھی فنکشنل ہیں۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس

اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب ودیگر بھی شریک تھے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالبار گجر، اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ احسن ممتاز، اسسٹنٹ کمشنر یوٹی رب دینو مینگلو، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ مرغوب حسین ڈوگر، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید، ایس این اے افضال حسین سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ عوامی ریلیف کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب کے گڈ گورننس اقدامات پر عمل درآمد کے لیے متحرک انداز میں کام کیا جائے، مہنگائی مافیا کے خلاف سخت کاروائیاں کی جائیں، حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق تجاوزات کا خاتمہ یقینی بنایا جائے، عوام کو صحت عامہ اور تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں ضلعی انتظامیہ کے افسران تواتر سے فیلڈ وزٹس کریں اور عوامی شکایات کی ازالہ کی جانب خصوصی توجہ دیتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد عاطف نذیر کی زیر نگرانی محکمانہ ترقی کے عمل کو شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر یقینی بنانے کے لیے (A) اے لسٹ کے تحریری امتحان کا انعقاد کیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد عاطف نذیر کی زیر نگرانی محکمانہ ترقی کے عمل کو شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر یقینی بنانے کے لیے (A) اے لسٹ کے تحریری امتحان کا انعقاد کیا گیا۔ یہ امتحان عارف شہید پولیس لائنز حافظ آباد میں منعقد ہوا جس میں 107 کانسٹیبلان و لیڈی کانسٹیبلان نے حصہ لیا۔ تحریری امتحان میں کامیاب امیدوار اگلے مرحلے یعنی انٹرویو کے لیے کوالیفائی کریں گے۔ اس موقع پر ڈی پی او حافظ آباد کا کہنا تھا کہ محکمانہ ترقی کا یہ عمل پولیس اہلکاروں کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے نہایت اہم ہے جس سے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں نکھار آئے گا۔ امتحان کے دوران تمام تر انتظامات کو شفاف اور منصفانہ رکھنے کے لیے سخت نگرانی کی گئی تاکہ اہلکار اپنی صلاحیتوں کے مطابق ترقی کے مواقع حاصل کر سکیں۔

پیغام پاکستان" کی ترویج کے اقدامات جاری ہیں: میونسپل کمیٹی

اسی سلسلے میں میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے زیر اہتمام ایک اہم نشست کا انعقاد کیا گیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹ) حکومتِ پاکستان کے وژن کے مطابق معاشرے میں امن، رواداری اور ہم آہنگی کے فروغ کے لیے "پیغام پاکستان" کی ترویج کے اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے زیر اہتمام ایک اہم نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہر کے معزز علما و مشائخ نے شرکت کی۔ اس اجلاس کی صدارت چیف آفیسر میونسپل کمیٹی چنیوٹ، جناب مظفر بیگ نے کی نشست کے دوران شرکائے اجلاس میں "پیغام پاکستان" کے کتابچے تقسیم کیے گئے اور اس قومی بیانیے کی اہمیت پر تفصیل سے گفتگو کی گئی۔ چیف آفیسر جناب مظفر بیگ نے اپنے خطاب میں کہا کہ "پیغام پاکستان انتہاپسندی، فرقہ واریت اور عدم برداشت کے خاتمے کے لیے ایک مؤثر فکری و علمی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ علما و مشائخ معاشرے میں مثبت تبدیلی کے لیے کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں شرکاء نے اس اقدام کو سراہا اور اس بات کا عہد کیا کہ وہ اپنے خطبات، دروس اور عوامی اجتماعات میں "پیغام پاکستان" کے اصولوں اور تعلیمات کو فروغ دیں گے۔

ظفروال محکمہ تعلیم کی بے حسی: والدین کا نوٹس کا مطالبہ

قوم کی بیٹیاں تعلیم کیلئے بھوت بنگلے جیسی اور نامکمل بلڈنگ میں پڑھنے پر مجبور



ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق ظفروال سے شکرگڑھ روڈ پر حال ہی میں تعمیر ہونے والی گورنمنٹ گرلز ہائی سکول (بلاک 2) کی نامکمل بلڈنگ کا محکمہ تعلیم نے افتتاح تو جلد بازی میں کر دیا مگر اس نامکمل بلڈنگ میں مناسب سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں اس ترقی یافتہ دور میں بھی بلڈنگ بھوت بنگلے کا منظر پیش کر رہی ہے زیر تعمیر بلڈنگ کی عمارت سے لیکر مین گیٹ تک جو گراؤنڈ نما راستہ ہے وہ سڑک سے اس قدر نیچا ہے کہ معمولی سی بارش ہونے پر طالبات کا وہاں سے گزرنا محال ہو جائیگا۔ سکول کی بلڈنگ کی دیواریں مکمل ہونے سے پہلے ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اور اردگرد میں بنے گھروں کی کھڑکیاں اور روشندان سکول کی طرف کھلتے ہیں جس کی وجہ سے بچیاں غیر محفوظ اور بے پردہ نظر آئیں گی۔ واپڈا کی تاریں جو لوگوں کے گھروں میں میٹر کے ساتھ لگی ہیں وہ بھی اس بلڈنگ کے اندر سے گزرتیں ہیں جو کسی بھی وقت بہت بڑے سانحے کا سبب بن سکتی ہیں سکول میں اس وقت 1200 کے لگ بھگ طالبات پڑھتیں ہیں جن کے لیے پینے کے صاف پانی کا کوئی بندوبست نہیں۔ عمارت میں جو پانی کا بور ہوا ہے اس کی گہرائی 80/100 فٹ کے لگ بھگ ہے جو مضر صحت ہے اور پانی پینے کے قابل نہیں۔

نشہ کے عادی نوجوان دلاور نے درجنوں قبروں کی تختیاں اینٹیں مار مار کر مسمار کر دیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر کے عین سنگم میں واقع قبرستان ڈیرہ سائیں حسین شاہ" والے میں گذشتہ روز نشہ کے عادی نوجوان دلاور نے درجنوں قبروں کی تختیاں اینٹیں مار مار کر مسمار کر دیں۔ جس سے لواحقین میں غم وغصہ کی لہر سرایت کر گئی۔ جبکہ سٹی پولیس لاعلم رہی۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ مذکورہ منشیات کے عادی نوجوان دلاور نے عید سے قبل ونیکے روڈ پر نصف گھنٹہ تک ٹریفک کو بھی بلاک کیے رکھا تھا لیکن پولیس کی جانب سے کوئی کاروائی عمل میں نہ لائی گئی تھی جبکہ اس سے اگلے روز اصغر نامی قصاب نے اپنے اوزار چوری کرنے پر اسے پولیس کے حوالے کیا لیکن پولیس نے اسے چند گھنٹے بعد چھوڑ دیا۔ شہریوں کو کہنا ہے کہ دلاور نامی نشئی نے شہریوں کے ناک میں دم کر رکھا ہے پولیس اسکے خلاف فوری کاروائی عمل میں لائے تاکہ وہ مزید نقصان نہ کرے۔

کینیڈا سے 12 سکھ یاتریوں کا جتھہ بلوندر جیت سنگھ کی قیادت میں ننکانہ صاحب پہنچ گیا

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو و دیگر ضلعی افسران نے ننکانہ آمد پر سکھ یاتریوں کا پرتپاک استقبال کیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) کینیڈا سے 12 سکھ یاتریوں کا جتھہ بلوندر جیت سنگھ کی قیادت میں ننکانہ صاحب پہنچ گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو و دیگر ضلعی افسران نے ننکانہ آمد پر سکھ یاتریوں کا پرتپاک استقبال کیا، یاتریوں پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں، ممبر ایڈوائزری کونسل پنجاب اقلیتی امور و انسانی حقوق سردار سرجیت سنگھ کنول سمیت دیگر سکھ کمیونٹی کے افراد بھی استقبالیہ کیمپ میں موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے بتایا کہ ننکانہ صاحب میں وساکھی میلے کی تقریبات کا آغاز 12 اپریل سے ہوگا، وساکھی کی تقریبات 15 اپریل تک جاری رہیں گی، ہمسایہ ملک بھارت سے 07 ہزار سے زائد سکھ یاتری 12 اپریل کو ننکانہ صاحب پہنچیں گے جبکہ اندرون و بیرون ممالک سے 20 ہزار سے زائد سکھ یاتری شرکت کریں گے۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے وساکھی میلے کے انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، سکھ یاتریوں کے لیے رہائش، فول پروف سکیورٹی اور لنگر کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام تر صورتحال کی نگرانی کے لیے گوردوارہ جات اور ڈی سی آفس میں کنٹرول رومز قائم ہیں، تمام شاہراہات پر 24 گھنٹے پٹرولنگ کا عمل جاری ہے، سٹی میں سکیورٹی کے سخت انتظامات ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ 15 اپریل کو ارداس/ دعائیہ تقریب کے ساتھ وساکھی میلے کی تقریبات اختتام پذیر ہو جائیں گی۔

پنجاب بار کونسل انتخابات: سیالکوٹ سیٹ چوہدری حسن سرفراز بھلی، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری عرفان اللہ وڑائچ اور دیگر کی فلسطین کے حق میں ریلی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار برائے پنجاب بار کونسل انتخابات سیالکوٹ سیٹ چوہدری حسن سرفراز بھلی، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری عرفان اللہ وڑائچ و ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان، سابق صدر سیالکوٹ بار چوہدری ایم اظہر و موجودہ و سابقہ وکلاء عہدیداران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ انہوں نے ضلع کچہری چوک میں فلسطینیوں کے حق میں پر امن احتجاجی مظاہرے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم مظلوم فلسطینی عوام کیساتھ اظہار یکجہتی کرتے اور جنگی جرائم کے مرتکب اسرائیلی وزیر اعظم کے حکم پر غزا کے نہتے فلسطینی بچوں خواتین بزرگوں اور ہر عمر کے شہریوں پر بربریت کے پہاڑ توڑنے کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔

کسان فصل اگاتا ہے اور اس سے ہی سارا سال گزر بسر کرتا ہے: چوہدری آصف محمود ڈھلوں

بھاری بھر کم اخراجات برداشت کرنے کے باوجود فصل کی پوری قیمت ادا نہیں کی جاتی



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) گندم کے کاشتکاروں کے ساتھ ظلم اور زیادتی کے خلاف 15 اپریل کو ملک گیر احتجاج میں ضرور شامل ہوں کسان فصل اگاتا ہے اور اس سے ہی سارا سال گزر بسر کرتا ہے بھاری بھر کم اخراجات برداشت کرنے کے باوجود فصل کی پوری قیمت ادا نہیں کی جاتی پڑوسی ملک بھارت میں کسان خوشحال جبکہ پاکستان میں پریشان ہے صرف ایک بار کا فاصلہ ہے ان خیالات کا اظہار قومی امن کمیٹی بین المذاہب پاکستان کے ضلعی چیئرمین چوہدری آصف محمود ڈھلوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ کسانوں کے ساتھ ہمیشہ بدتر سلوک کیوں کیا جاتا ہے وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کسانوں سے ساری گندم خریدنے کا وعدہ کیا تھا اس کے باوجود ابھی تک سہی قیمت دینے کا اعلان نہیں کیا گیا ہمارا معاشی قتل بند کیا جائے اور فی من گندم کی کم سے کم قیمت 4 ہزار روپے مقرر کی جائے اور اسی کے مطابق کسان کی ساری گندم خریدی جائے۔

غزہ میں ظلم کی انتہاء ہو چکی، مسلم امہ کے رہنما ہوش کے ناخن لیں، چوہدری صہیب اقبال

اسرائیلی فوج کی جنونیت دہشت گردی اور مظالم کی شدید الفاظ میں بھرپور مذمت کرتے ہیں، بیان



سمندری (تحصیل رپورٹر) پی ٹی آئی رہنما و معروف سماجی شخصیت چوہدری صہیب اقبال گجر نے نہتے اور مظلوم فلسطینی مسلمانوں کیساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں من حیث القوم فلسطین میں ہونے والی اسرائیلی دہشت گردی پر بھرپور احتجاج کرنا چاہیے اور اسرائیلی مصنوعات کا بائیکاٹ کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ غزہ میں ہزاروں فلسطینیوں کی شہادت کے باوجود اقوام متحدہ او آئی سی اور انسانی حقوق کی علمبردار تنظیمیں کیونکر خاموش ہیں مسلم حکمرانوں کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی فوج کی جنونیت دہشت گردی اور مظالم کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ فلسطین میں مظالم کی انتہا پر مسلم حکمرانوں کو اب اپنی خاموشی توڑ دینی چاہیے، ہمیں مظلوم اور محصور فلسطینی عوام کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرنا چاہیے۔

تیز رفتار موٹر سائیکل بے قابو ہو کر درخت سے ٹکرا گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار موٹر سائیکل بے قابو ہو کر درخت سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار دو نوجوان شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 12 ون آر کے رہائشی 22 سالہ عامر علی ولد لیاقت اور 25 سالہ عاطف مختیار ولد مختیار موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ اچانک راستے میں تھانہ ستگھرہ کے قریب تیز رفتاری کی وجہ سے موٹر سائیکل بے قابو ہو کر درخت سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں 22 سالہ عامر علی اور 25 سالہ عاطف مختیار شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

اسرائیلی ظلم وبربریت مسلم حکمرانوں کی خاموشی کرب ناک ہے

پاکستانیوں کے دل مظلوم و محکوم فلسطینی مسلمانوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں: امیر شاہد محمود چوہدری

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) اسرائیلی ظلم و بربریت مسلم حکمرانوں کی خاموشی کرب ناک ہے پاکستانیوں کے دل مظلوم و محکوم فلسطینی مسلمانوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث تحصیل میاں چنوں کے امیر شاہد محمود چوہدری نے فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے نکالی گئی ریلی کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ہے انہوں نے کہا ہے کہ دنیا دیکھ رہی ہے کہ نہتے اہل غزہ کو بمباری کا نشانہ بنایا جا رہا ہے انسانیت کو تاریکیوں میں دھکیلا جا رہا ہے اور اس پر اہل فلسطین کا صبر اور اللہ پر کامل یقین صبر و مزاحمت پوری دنیا کے مظلوموں کے لئے مشعل راہ بن گئی ہے ان کی آنکھوں میں آنسوؤں کی بجائے عزم جھلکتا ہے انہوں نے کہا ہے کہ اس وقت ہمارے الفاظ کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہے بلکہ فلسطین کے ساتھ عملی طور پر کھڑے ہونے کا وقت ہے انہوں نے اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ اہل فلسطین کی آزادی کی جدوجہد کامیابی سے ہمکنار ہوگی عالمی استعماری طاقتوں اور اس کے بغل بچہ اسرائیل کو عبرت ناک شکست ہوگی بیت المقدس میں اذان محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی گونج پوری دنیا اپنے کانوں سے سنے گی ریلی کے شرکاء سے حافظ محمد سفیان، محمد امین پاشا گجر، میاں سجاد نازش، مرزا محمد علی و دیگر نے بھی خطاب کیا۔

پی ٹی وی کے رپورٹر محمد اسلام غازی کا پوتا گزشتہ روز قضائے الٰہی سے وفات پا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ٹی وی کے رپورٹر محمد اسلام غازی کا پوتا گزشتہ روز قضاء الٰہی سے وفات پا گیا بچے کا علالت کے باعث علاج معالجہ جاری تھا جو جانبر نہ ہو سکا مرحوم کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں سرکاری افسران سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی جبکہ پریس کلب شیخوپورہ کے عہدیداران و ارکان نے محمد اسلام غازی سے انکے پوتے کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کیلئے جنت الفردوس و پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔



کسانوں پر رحم کرتے ہوئے گندم کی مناسب قیمت مقرر کی جائے ورنہ مجبوراً کسان روڈ پر نکلیں گے، رہنماء

حکومت کسانوں کے ساتھ کیے گئے وعدوں کو عملی طور پر پورا کرتے ہوئے گندم کی مناسب قیمت مقرر کرے



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) کسانوں پر رحم کرتے ہوئے گندم کی مناسب قیمت مقرر کی جائے ورنہ مجبوراً کسان روڈ پر نکلیں گے، رہنماء تفصیلات کے مطابق پاکستان کسان اتحاد کے ضلعی جنرل سیکرٹری میاں سجاد نازش، تحصیل صدر مہر شوکت علی سنپال اور متحدہ شہری محاذ کے صدر چوہدری منشاء کھچ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کسانوں کے ساتھ کیئے گئے وعدوں کو عملی طور پر پورا کرتے ہوئے گندم کی مناسب قیمت مقرر کرے تاکہ کسان خوشحال ہوں، رہنماؤں کا کہنا تھا کہ الیکشن سے قبل کسانوں کو خوشحالی کے خواب دکھائے گئے اب جب عملی طور پر کسانوں کو ریلیف دینے کا وقت تھا تو اب حکومت نے آنکھیں پھیر لی ہیں، رہنماؤں کا مزید کہنا تھا کہ ممبران صوبائی اور قومی اسمبلی کسانوں کے مسائل کیلئے اپنا کردار ادا کرتے ہوئے اعوانوں میں آواز اٹھائیں ورنہ آئندہ الیکشن میں کسانوں اپنا فیصلہ خود کرنا ہوگا، انکا کہنا تھا پہلے کسان مسائل سے دو چار ہیں ٭ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کسانوں کیلئے اچھا اعلان کرے، ورنہ 14 تاریخ کو احتجاج ہوگا۔



ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کی مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں

کھلی کچہریوں میں شہریوں کی شکایات و مسائل سن کر ازالہ کے موقع پر احکامات جاری



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کی مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں شہریوں کی شکایات و مسائل سن کر ازالہ کے لیے موقع پر احکامات جاری۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان نے شہریوں کی شکایات و مسائل کے بروقت حل کے لیے چک نمبر 63/5ایل، چک نمبر 54/5ایل علاقہ تھانہ یوسف والا اور یونین کونسل چک نمبر 61/4آر، بنیادی صحت مرکز چک نمبر 69/4آر علاقہ تھانہ نورشاہ میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے مختلف نوعیت کی شکایت و مسائل سے ڈی پی او ساہیوال کو آگاہ کیا جن کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے گئے۔ اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے میرے دفتر کے دروازے بھی عوام کے لیے ہر وقت کھلے ہیں شہری پولیس سے متعلقہ شکایات و مسائل کے لیے بلا جھجک رابطہ کر سکتے ہیں

ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت تھانہ چوچک میں پولیس مقابلہ کے دوران زخمی ہونے والے کانسٹیبل بوعلی قادری کی عیادت کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال پہنچ گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت تھانہ چوچک میں پولیس مقابلہ کے دوران زخمی ہونے والے کانسٹیبل بوعلی قادری کی عیادت کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال پہنچ گئے۔ ڈی پی او نے کانسٹیبل کی صحت کے متعلق دریافت کیا اور ڈاکٹرز سے تفصیلی بات چیت کی، اس موقع پر ڈی پی او نے کہا کہ بوعلی جیسا بہادر محکمہ پولیس کا فخر ہے۔ یہ نوجوان اوکاڑہ پولیس کا بہترین اثاثہ ہے اور اوکاڑہ پولیس اپنے جوانوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہم اپنے غازیوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے جنہوں نے اپنی جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے بہادری سے مقابلہ کیا۔ ریجنل پولیس آفیسر ساہیوال محبوب رشید نے بذریعہ فون کال بوعلی سے اس کی صحت کے متعلق دریافت کیا۔ ڈی پی او نے زخمی جوان کی مکمل دیکھ بھال اور علاج معالجہ کے لیے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹنٹ اور متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ بہترین علاج معالجہ کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔

19 سالہ نوجوان کا زہریلی گولیاں کھا کر اقدام خودکشی

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) 19 سالہ نوجوان کا زہریلی گولیاں کھا کر اقدام خودکشی محلہ چوہدریاں والا کے رہائشی محمد اقبال کے 19 سالہ بیٹے رضا کا فیملی کیساتھ جھگڑا ہو گیا، جس سے دلبرداشتہ ہو کر اس نے زہریلی گولیاں کھالیں، جسے طبی امداد کیلئے فوری رورل ماڈل سینٹر لے جایا گیا، وہاں کے عملہ نے تشویش ناک صورت حال کے پیش نظر اسے جنرل ہسپتال لاہور ریفر کر دیا۔

ڈکیتی کی دو وارداتوں میں شہری لٹ گئے ڈاکوؤں کی ہوائی فائرنگ سے خوف پھیل گیا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ڈکیتی کی دو وارداتوں میں شہری لٹ گئے، ڈاکوؤں کی ہوائی فائرنگ سے خوف پھیل گیا تفصیلات کے مطابق میاں چنوں نیشنل ہائی وے پر پاسکو سنٹر کے قریب دو ڈاکوؤں نے تاجر عرفان اور سہیل احمد سے گن پوائنٹ پر ایک عدد موٹر سائیکل، دو عدد قیمتی موبائل اور ایک لاکھ روپے کی نقدی لوٹ لی، دوسری واردات میں گاؤں 117 پندرہ ایل کے قریب ڈاکوؤں نے غلہ منڈی آڑھتی شعبان سے ایک عدد موبائل اور 40 ہزار کی نقدی لوٹ لی، ڈکیتی کی وارداتوں پر شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں۔

دو مختلف حادثات دو واقعات میں خاتون اور بچے سمیت تین افراد جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے

مریدکے (تحصیل رپورٹر) دو مختلف حادثات و واقعات میں خاتون اور بچے سمیت تین افراد جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق مریدکے کے جی ٹی روڈ راوی ریان کے قریب ٹرالی اور کار میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا زخمی شخص کی شناخت عمران شاہ ولد لیاقت شاہ 40 سال سے ہوئی اور جاں بحق افراد کی شناخت تسلیم بی بی زوجہ لیاقت شاہ 60 سال اور غیور 5 سال سے ہوئی عباس نگر بھینوالہ میں معمولی تلخ کلامی پر بھائیوں کی لڑائی میں گولیاں چل گئی بھائی کے ہاتھوں گولیاں لگنے سے ایک بھائی قتل دو بھائی شدید زخمی ہو گئے مقتول کی شناخت سلامت ولد لیاقت سے ہوئی نعش کو پولیس نے مردہ خانہ منتقل کر دیا زخمیوں میں زین ولد لیاقت کامران ولد لیاقت شامل ہیں۔ صدر پولیس نے کاروائی کا آغاز کر دیا ہے

پولیس تھانہ وریام والا نے انیلہ گمشدگی کیس کا معمہ حل کر لیا

انیلہ کو تشدد سے قتل کر کے نعش کو نہر برد کیا گیا، ملزم ثمر شاہ کا انکشاف



جھنگ (بیورو رپورٹ) پولیس تھانہ وریام والا نے انیلہ گمشدہ کیس کا معمہ حل کر لیا۔ انیلہ کو تشدد سے قتل کر کے نعش کو نہر برد کیا گیا ملزم ثمر شاہ کا انکشاف کمسن بچی انیلہ ثمر شاہ کے گھر ملازمہ تھی تفصیلات کے مطابق حویلی بہادر شاہ علاقہ تھانہ وریام والا میں چند روز قبل کمسن بچی انیلہ کی گمشدگی کا واقعہ پیش آیا جس پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے گمشدہ بچی کی تلاش کیلئے ڈی ایس پی شورکوٹ سرکل کی زیر قیادت تفتیشی ٹیم تشکیل دی پولیس افسران کی سخت محنت سے انیلہ گمشدہ کیس کا معمہ حل کر لیا کمسن بچی انیلہ ثمر شاہ کے گھر ملازمہ تھی، ملزم ثمر شاہ نے انکشاف کیا کہ انیلہ کو تشدد سے قتل کر کے نعش کو نہر برد کیا گیا ہے۔ ملزم کے انکشاف پر نعش کی برآمدگی کیلئے نہروں میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ پولیس نے ملزم کے بھائی رئیس شاہ، والدہ شاہینہ، بیوی خدیجہ کو بھی گرفتار کرتے ہوئے شامل تفتیش کر لیا گیا ہے ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا کہنا تھا کہ مقدمہ کی تفتیش میرٹ پر عمل میں لائی جائے گی مؤثر تفتیش اور ٹھوس شواہد کی بنیاد پر انیلہ کیس کے تمام کرداروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

ڈی پی او فیصل شہزاد نے ترقی پانیوالے پولیس آفیسران کو سنیارٹی بیج لگائے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس سیالکوٹ میں ترقی پانے والے پولیس افسران کے اعزاز میں تقریب





سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈی پی او آفس سیالکوٹ میں ٹریفک وارڈن سے سینئر ٹریفک وارڈن کے عہدہ پر ترقی پانے والے دونوں افسران کے اعزاز میں ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں ڈی پی او فیصل شہزاد نے ترقی یاب ہونے والے افسران کے فیملی ممبران کے ہمراہ انہیں نئے عہدے کے رینک لگائے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ نے افسران کو مبارکباد دی اور انکے مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، اس موقع پر ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کا کہنا تھا کہ پولیس سروس میں محکمانہ پروموشن درحقیقت ذمہ داریوں میں اضافے کی عکاسی کرتا ہے لہذا پرموٹ ہونے والے افسران قانون کے یکساں نفاذ، میرٹ کی پاسداری اور بہترین سروس ڈیلیوری سے شہریوں کی خدمت اور تحفظ کو شعار بنائیں۔

جرائم کا خاتمہ اولین ترجیح ہے ایس ایچ او حافظ عاصم

ظفروال جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز تھانہ لیسر کلاں کے ایس ایچ او حافظ عاصم سب انسپکٹر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ڈی ایس پی سرکل ظفروال عبدالحمید ورک کی زیر نگرانی دو رکنی ڈکیت گینگ علی ڈون کو گرفتار کر کے شناخت پریڈ کے لیے جیل بھیج دیا دوسری کاروائی میں دو منشیات فروش گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیے جن میں خالد سکنہ بھگور کے قبضہ سے 1480 گرام چرس اور امین سکنہ وچلا چک سے 1160 گرام چرس برآمد کر کے دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا اشتہاری کاظم اے کیٹیگری اسلحہ اور نقدی سمیت گرفتار ایس ایچ او لیسر کا کہنا ہے کہ ڈی پی او کے حکم پر عمل درآمد کرتے ہوئے علاقے سے چوری ڈکیتی منشیات فروشی اور ناجائز قبضہ گروپ کا خاتمہ اولین ترجیح ہے جس کے لیے میں اور میری پوری ٹیم دن رات محنت کر رہی ہے

سٹی ٹریفک پولیس کی روڈ سیفٹی کمپین کے دوران موٹر سائیکل سوار سے شراب برآمد

بغیر ہیلمیٹ پہننے نوجوان سڑک پر زگ زیگ موٹر سائیکل چلا رہا تھا روکنے پے شراب کی 3 بوتلیں برآمد



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سی ٹی او گوجرانوالہ کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر کاروائیوں میں مصروف عمل ہے۔ دوران ڈیوٹی سیکٹر انچارج جی ٹی روڈ 2 سینئر ٹریفک وارڈن شہباز اور ٹریفک وارڈن امجد شاہ نے ایک بغور ہیلمیٹ موٹر سائیکل سوار جو انتہائی غفلت لاپرواہی سے ذگ زیگ موٹر سائیکل چلا رہا تھا اسکو روکا۔ روڈ سیفٹی کمپین کے دوران کارروائی کرتے ہوئے ٹریفک سٹاف کو شک ہونے پے چیک کیا گیا تو نوجوان سے 3 شراب کی بوتلیں برآمد ہوئیں جس کے نتیجے میں نوجوان کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا گیا۔ چیف ٹریفک آفیسر گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ٹریفک سٹاف کو کاروائی کرنے پے شاباش۔ سی ٹی او گوجرانوالہ کا مزید کہنا تھا کہ شہریوں کو محفوظ سفر کی فراہمی کے لئے ٹریفک پولیس کی کاروائیاں روزانہ کی بنیاد پر جاری رہیں گی۔

اوورسیز پاکستانی کے قتل میں ملوث اشتہاری ملزم نسیم عرف شبیر ولد منیر احمد کو گرفتار کر لیا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) اوورسیز پاکستانی کے قتل میں ملوث اشتہاری ملزم نسیم عرف شبیر ولد منیر احمد کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اوورسیز پاکستانی وسیم عباس کو نانو آنہ پچ علاقہ تھانہ کالیکی منڈی میں قتل کر دیا گیا تھا جس پر علی عباس ولد قلب عباس، سکنہ کالیکی منڈی کی مدعیت میں تھانہ کالیکی منڈی میں مقدمہ نمبر 608/24 بجرم 302/148/149/109 درج کیا گیا تھا۔ مقدمے کے اندراج کے بعد پولیس نے فوری طور پر ملزمان کی تلاش اور تفتیش کا آغاز کیا۔ مسلسل محنت اور تفتیشی مہارتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تھانہ کالیکی منڈی پولیس نے اشتہاری ملزم نسیم اقبال عرف شبیر ولد منیر احمد کو گرفتار کر لیا۔ ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر کا کہنا تھا کہ حافظ آباد پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے اور قانون شکن عناصر کے خلاف سخت کاروائی جاری رہے گی مجرموں کی گرفتاری اور انصاف کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

منشیات برآمدگی کیس ایڈیشنل سیشن جج نے فیصلہ سنا دیا

عدالت نے جرم ثابت ہونے پر منشیات فروش ظہور احمد کو 9 سال قید اور 80 ہزار جرمانہ کی سزا سنا دی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) منشیات برآمدگی کیس کا فیصلہ، ایڈیشنل سیشن جج امتیاز ندیم نے تھانہ سٹی کے منشیات کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا، عدالت نے جرم ثابت ہونے پر منشیات فروش ظہور احمد کو 9 سال قید اور 80 ہزار جرمانہ کی سزا سنا دی، اے ایس آئی نصر اللہ خان نے تھانہ سٹی کے علاقہ سے منشیات فروش ظہور کو 1250 گرام چرس برآمد ہونے پر گرفتار کیا تھا، منشیات فروش کیخلاف تھانہ سٹی میں منشیات کی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہوا تھا، معیاری تفتیش کیساتھ ثبوتوں کو بہترین انداز میں عدالت کے سامنے پیش کر کے منشیات فروشوں کو سزائیں دلوائی جا رہی ہیں ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا ہے کہ انسداد منشیات کیلئے ضلع بھر میں پولیس آگاہی مہم سمیت بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، اپنے جوانوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے عملی اقدامات کرتے ہوئے منشیات کا خاتمہ کیا جائے گا

مزمل موبائل سنیچر گینگ کے 02 ارکان پولیس کے شکنجے میں: کل 10 مقدمات ٹریس

ملزمان کی گرفتاری پر سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ملزمان کے قبضہ سے 10 لاکھ روپے مالیت کے 02 آئی فونز سمیت 05 موبائل فونز، 50 ہزار روپے نقدی اور ناجائز اسلحہ برآمد۔ ملزمان کی گرفتاری پر سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں چوروں اور ڈکیتوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن فرحت عباس کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ پیپلز کالونی سب انسپکٹر عبدالمتین و دیگران نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مزمل موبائل سنیچر گینگ کے دو ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے دس لاکھ روپے مالیت کے 02 آئی فونز سمیت 05 عدد موبائل فونز، پچاس ہزار روپے نقدی اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں مزمل اور ندیم شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزم نے انکشاف کیا کہ انہوں نے گوجرانوالہ خصوصاً علاقہ تھانہ پیپلز کالونی میں متعدد چوری کی وارداتیں کیں ہیں۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ چور اور ڈکیت معاشرے کا ناسور ہیں ان کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ پیپلز کالونی سب انسپکٹر عبدالمتین اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔

مصطفی آباد کے نواحی علاقہ میں لڑائی جھگڑے کے دوران مبینہ طور پر پانچ سالہ کمسن بچی جاں بحق ہو گئی

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) مصطفی آباد کے نواحی علاقہ میں لڑائی جھگڑے کے دوران مبینہ طور پر پانچ سالہ کمسن بچی جاں بحق ہو گئی، تفصیل کے مطابق ککی کا رہائشی محمد وقاص رات تقریباً نو بجے اپنی پانچ سالہ بیٹی حریم فاطمہ کے ہمراہ صحن میں چارپائی پر سو رہا تھا کہ 4 نامعلوم افراد اس کے گھر میں داخل ہو گئے جنہوں نے وقاص کو اٹھا کر گھونسوں سے شدید تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد اس کے دونوں ہاتھ رسیوں سے باندھ دیئے اور دھکا مار کر چارپائی پر گرا دیا، جس کی وجہ سے چارپائی پر لیٹی اس بیٹی حریم فاطمہ اس کے نیچے دب کر جاں بحق ہو گئی، اس دوران ملزم فرار ہو گئے، پولیس نے محمد وقاص کے مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

اوباش نے زبردستی گونگی بہری لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں اوباش نے زبردستی گونگی بہری لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ محلہ تھانہ بصیر پور کے رہائشی محمد اسلم اپنے مکان کے اوپر والی منزل میں رہتا ہے اور نیچے والی منزل میں اس کی بیوی نجمہ پروین کا بھانجا وقاص ولد احمد علی رہتا ہے جس کا دوست شہزاد علی اکثر اس کے گھر آتا تھا گزشتہ روز محمد اسلم کی 14 سالہ گونگی بہری بیٹی نور فاطمہ نیچے آئی تو اوباش شہزاد علی نے اسے پکڑ کر کمرے میں لے گیا اور اسے زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا جبکہ وقاص پہرہ دیتا رہا لڑکی کی چیخ و پکار پر بچی کی والدہ نجمہ پروین آ گئی ملزم بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس تھانہ بصیر پور نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔

اوکاڑہ ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ملک تصور کی کاروائی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ملک تصور کی کاروائی۔ کرپشن کا بے تاج بادشاہ رانا مقبول سیکرٹری یونین کونسل جوئیہ کے خلاف اینٹی کرپشن کا گھیرا تنگ۔ کرپشن کی درجنوں شکایات پر آج اینٹی کرپشن اوکاڑہ نے سیکرٹری یونین کونسل رانا مقبول کو گرفتار کر لیا۔ سیکرٹری یونین کونسل نے بونگہ کے رہائشی شخص سے طلاق موثر کرنے کے 15 ہزار روپے رشوت وصول کی۔ کرپشن کنگ رانا مقبول نے رشوت کی رقم وصول کر کے اپنے ساتھی دلال کو رقم پکڑا دی۔ اینٹی کرپشن اہلکاران نے دونوں کو گرفتار کر کے کاروائی کا آغاز کر دیا۔ رانا مقبول سیکرٹری ہمارے جائز کاموں کی بلا دریغ رشوت وصول کرتا ہے اور انتہائی گھٹیا اور غیر اخلاقی رویہ بھی استعمال کرتا ہے۔ مہینوں ہمارے جائز کاموں کے سلسلہ میں تاخیر کی جاتی تھی، سرکاری فیس کے علاوہ ہزاروں روپے رشوت وصول کر کے بھی کام نہیں کرتا۔ اہلیان علاقہ کا اینٹی کرپشن حکام کو اس کاروائی پر خراج تحسین اور اس کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کا مطالبہ۔

منشیات فروشوں اور پولیس کے درمیان فائرنگ: ایک منشیات فروش ہلاک

واقعہ میں ایک پولیس اہلکار اور ایک منشیات فروش شدید زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں منشیات فروشوں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک منشیات فروش ہلاک جبکہ ایک پولیس اہلکار اور ایک منشیات فروش شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چوچک پولیس نے نواحی قصبہ اسلام پورہ میں منشیات فروشوں کی گرفتاری کے لئے ریڈ کیا تو منشیات فروشوں نے پولیس کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک منشیات فروش یسین عرف سینو کیانہ ہلاک جبکہ ایک منشیات فروش ریاض احمد کو پولیس نے زخمی حالت میں گرفتار کر لیا ہے۔ منشیات فروشوں کی فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل بوعلی قادری شدید زخمی ہو گیا دو ملزم بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لیکر بھاگ جانے والے ملزموں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فون اور قیمتی اشیاء سے محروم

2 نامعلوم موٹر سائیکل پر سوار ملزمان نے اسلحہ کے زور پر 22 ہزار 500 روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا

پولیس نے مقدمات درج کر لئے، قانونی کاروائی جاری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فون اور قیمتی اشیاء سے محروم۔ علی حسنین کیری ڈبہ پر سوار ترگڑی کے قریب پہنچا تو دو نامعلوم موٹر سائیکل پر سوار ملزمان نے اسلحہ کے زور پر 22 ہزار 500 روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا اور فرار ہو گئے محمد اشرف گاڑی پر برف لیکر جا رہا تھا کہ پیرو چک کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 15 ہزار روپے، موبائل فون، شناختی کارڈ اور ڈرائیونگ لائسنس چھین لیا محمد ندیم ملک اور کاشف سے ملیکے پل پر دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر 10 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا محمد اجمل اور مدثر اقبال کار پر سوار جا رہے تھے کہ لوڑھکی پل کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 50 ہزار روپے، موبائل فون، شناختی کارڈ اور ڈرائیونگ لائسنس چھین لیا پولیس نے مقدمات درج کر لئے۔

روزنامہ ”قوت“ لاہور (7) ہفتہ 12 اپریل 2025ء

”قوت“ کلاسیفائیڈ

شائع کرنے کے لیے رابطہ کریں

042-3636003

قابل قبول نہ ہوگی۔

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ۔اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت

بچوں کا پارک سرخی

بچوں کا پارک سرخی کرنے والی ٹیم کے رکن کا تاثر ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں چیف منسٹر چلڈرن پارک سرخی پروگرام کامیابی سے جاری ہے۔

بقیہ صفحہ 2

کرنے کے لیے آئیں گے۔ اعلیٰ سے اس بات پر زور دیا کہ موت کے بعد اعضاء کا عطیہ، مناسب رضامندی کے ساتھ اور اخلاقی تحمیل کے ساتھ، مصرف جائز ہے بلکہ اسلامی تعلیمات میں اسے صدقہ جاریہ (مسلسل خیرات) کا عمل بھی سمجھا جاتا ہے۔ علماء نے مسلمانوں میں اعضاء کے عطیہ کے جائز ہونے اور اس سے منسلک رسومات والی اجر کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے محت کی دیکھ بھال کرنے والے اداروں اور پاسبانی سازوں پر زور دیا کہ وہ اعضاء کے عطیہ کی حمایت کرنے والے رواج، نتائج اصول وضع کریں اور ساتھ ہی مذہبی اور اخلاقی خدشات کو بھی دور کریں۔ سیمینار میں خطاب کرتے والوں میں اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین علامہ راغب نعیمی، پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز، پروفیسر ڈاکٹر عاصم اللہ، ڈاؤ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی اور ڈاکٹر ذیشان سہگل کے صدر ڈاکٹر قدیر مجاہد شامل ہیں۔ سیمینار میں ٹیکنیکل ٹیموں اور طلباء کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر ڈاؤ یونیورسٹی پروفیسر محمد سعید قریشی نے کہا کہ اسلام نے زندگی کی حرمت پر بہت زور دیا ہے، اور اس طرح، اعضاء کی پیوندکاری ایک ایسی نیکی بن گئی ہے جس کی انسانیت کو ایک اہم ضرورت ہے۔

بقیہ صفحہ 3

ڈاکٹروں کو سہولیات فراہم کرنا بھی اداروں کی ذمہ داری ہے، اس طرح، پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز، پروفیسر ڈاکٹر عاصم اللہ، ڈاؤ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی نے کہا کہ اسلام نے زندگی کی حرمت پر بہت زور دیا ہے، اور اس طرح، اعضاء کی پیوندکاری ایک ایسی نیکی بن گئی ہے جس کی انسانیت کو ایک اہم ضرورت ہے۔

بقیہ صفحہ 4

ڈاکٹروں کو سہولیات فراہم کرنا بھی اداروں کی ذمہ داری ہے، اس طرح، پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز، پروفیسر ڈاکٹر عاصم اللہ، ڈاؤ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی نے کہا کہ اسلام نے زندگی کی حرمت پر بہت زور دیا ہے، اور اس طرح، اعضاء کی پیوندکاری ایک ایسی نیکی بن گئی ہے جس کی انسانیت کو ایک اہم ضرورت ہے۔

بقیہ صفحہ 5

ڈاکٹروں کو سہولیات فراہم کرنا بھی اداروں کی ذمہ داری ہے، اس طرح، پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز، پروفیسر ڈاکٹر عاصم اللہ، ڈاؤ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی نے کہا کہ اسلام نے زندگی کی حرمت پر بہت زور دیا ہے، اور اس طرح، اعضاء کی پیوندکاری ایک ایسی نیکی بن گئی ہے جس کی انسانیت کو ایک اہم ضرورت ہے۔

بقیہ صفحہ 6

ڈاکٹروں کو سہولیات فراہم کرنا بھی اداروں کی ذمہ داری ہے، اس طرح، پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز، پروفیسر ڈاکٹر عاصم اللہ، ڈاؤ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی نے کہا کہ اسلام نے زندگی کی حرمت پر بہت زور دیا ہے، اور اس طرح، اعضاء کی پیوندکاری ایک ایسی نیکی بن گئی ہے جس کی انسانیت کو ایک اہم ضرورت ہے۔

بقیہ صفحہ 7

ڈاکٹروں کو سہولیات فراہم کرنا بھی اداروں کی ذمہ داری ہے، اس طرح، پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز، پروفیسر ڈاکٹر عاصم اللہ، ڈاؤ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی نے کہا کہ اسلام نے زندگی کی حرمت پر بہت زور دیا ہے، اور اس طرح، اعضاء کی پیوندکاری ایک ایسی نیکی بن گئی ہے جس کی انسانیت کو ایک اہم ضرورت ہے۔

بقیہ صفحہ 8

ڈاکٹروں کو سہولیات فراہم کرنا بھی اداروں کی ذمہ داری ہے، اس طرح، پروفیسر ڈاکٹر نور احمد شاہتاز، پروفیسر ڈاکٹر عاصم اللہ، ڈاؤ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر محمد سعید قریشی نے کہا کہ اسلام نے زندگی کی حرمت پر بہت زور دیا ہے، اور اس طرح، اعضاء کی پیوندکاری ایک ایسی نیکی بن گئی ہے جس کی انسانیت کو ایک اہم ضرورت ہے۔

”قوت“ کلاسیفائیڈ

شائع کرنے کے لیے رابطہ کریں

042-3636003

قابل قبول نہ ہوگی۔

بقیہ صفحہ 1

ملازمین میں پانی والے ٹینشن کا فوری خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کے تناظر میں محکمہ جنگلات کی بنیادوں کو مضبوط کرنا انتہائی ناگزیر ہو چکا ہے جب ملازمین کو بروقت تنخواہ اور ان کے شایانِ شان مراعات نہ دی جائیں تو محکمہ کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔ محکمہ جنگلات میں پھوٹے ملازمین کی میرٹ پر ترقیاں، ریٹائرمنٹ ہونے والوں کو بروقت ادائیگی کے مطابق گنجائش کی ادائیگی بھی ہونی چاہیے۔ ملازمین خوشحال ہونگے اور وہ اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرینگے۔ تقریب سے ڈویژنل فارسٹ آفیسر ساہیوال سرکل ریاض الدین اپنڈیجہ بلوچ نے بھی پرتپاک انداز میں خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک ہی چمن کے مختلف پھول ہیں ہمارا کام ایک دوسرے کی عزت کرنا ہے۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں سویڈن سے آئے ڈاکٹرز کی ملاقات

وفد میں ڈاکٹر انیس زیلیمس اور مس لیوا زرینہ شامل تھے، اس موقع پر ڈاکٹر سینئر ہیلتھ پروفیشنل ڈاکٹر زاہد پرویز اور وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور بھی موجود تھے

ان کارڈیک سرجنز نے 5 سے 11 اپریل کے دوران فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں معصوم بچوں کی ہارٹ سرجری کی ہے، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں سویڈن سے آئے ڈاکٹرز کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں ڈاکٹر انیس زیلیمس، مس ویزر یو ویلا، میوالز اور مس لیوا زرینہ شامل تھے۔ اس موقع پر ڈاکٹر سینئر ہیلتھ پروفیشنل ڈاکٹر زاہد پرویز راٹھور، وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر وفد کو یادگاری شیلڈ بھی پیش کیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ڈاکٹر انیس زیلیمس کا کارڈیک سرجنز نے 5 سے 11 اپریل کے دوران فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں معصوم بچوں کی ہارٹ سرجری کی ہے۔ ان ڈاکٹرز نے ایک آپ ای کی ماہر ڈاکٹر انیس زیلیمس کا کہنا کہ ان کارڈیک سرجنز نے 11 اپریل کو وطن واپس جانا تھا مگر ہوں، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم خواجہ سلمان رفیق نے ان کا فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں معصوم بچوں کی الرحمان نے اہل لاہور اور پنجاب کو پکارا ہے۔ لاہور میں قیام بڑھا دیا۔ ان ڈاکٹرز نے ایک ہفتے میں 30 آپریشن کیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے لاکھوں لوگوں کے ساتھ مل کر اپنی آواز کو دنیا تک پہنچانے کی کوشش کی۔



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں پیش کے آئے علمی وفد میں شامل ڈاکٹرز کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کا اہل فلسطین سے اظہار یکجہتی مال روڈ پر تاریخی غزہ مارچ

حکومت پاکستان دیگر اسلامی ممالک سے مشاورت کر کے عملی جہاد کیلئے اقدامات کرے، فلسطین غزہ پر اسرائیلی مظالم اور مسلم نسل کشی کے بعد امت مسلمہ پر جہاد فرض ہو چکا ہے

یکجہتی غزہ مارچ میں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن، لیاقت بلوچ، محمد جاوید قصوری، ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، اظہر بلال سمیت دیگر مرکزی، صوبائی اور ضلعی قائدین کے خطابات



لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن، لیاقت بلوچ، محمد جاوید قصوری، نائب امیر پاکستان ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، سیکرٹری اظہر بلال سمیت دیگر مرکزی، صوبائی اور ضلعی قائدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مارچ کے شرکاء نے اظہار یکجہتی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ کو خالی کرانے کے خوفناک، خیالیہ سے متعلق مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ مارچ کے شرکاء نے اظہار یکجہتی اور شدید غیرت کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر قائدین نے شرکاء مارچ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین میں اسرائیلی مظالم کے بعد امت مسلمہ پر جہاد فرض ہو چکا ہے



لاہور: جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام مال روڈ پر غزہ مارچ کے موقع پر امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن، لیاقت بلوچ، حافظ اور لیس احمد، محمد جاوید قصوری، ضیاء الدین انصاری، اظہر بلال و دیگر اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

مسلم کمرشل خواب خرگوش سے جاگیں اور اپنے مسلمان بھائیوں کا ساتھ دیں: محمد جاوید قصوری

اہل غزہ اور اہل فلسطین کے اوپر قیامت صغریٰ برپا ہے۔ امریکہ۔ اسرائیل کے ساتھ مل کر غزہ کو صفحہ ہستی سے مٹا رہا ہے۔ ان کے گھروں کو مسمار کر دیا گیا ہے۔ جنگ بندی کا معاہدہ کر کے اسرائیل نے اہل غزہ کو واپس بلایا گیا اور پھر ان پر بمباری کر دی۔ اسرائیل معاہدے توڑنے اور انبیاء اکرام کو شہید کرنے والی قوم (بقیہ نمبر 11)



سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کمیونٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس

لاہور (ایچ ایس این) سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کمیونٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کو غیر قانونی افغان باشندوں کے انخلاء کے حوالے سے پیش رفت و بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ غیر قانونی باشندوں کو متعلقہ ہولڈنگ سنٹرز پہنچایا جا رہا ہے۔ سی پی او بلال نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کے مکمل تحریری کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ڈویژنل ایس پیز غیر قانونی افغان باشندوں کے انخلاء کی نگرانی کریں۔

پاکستانی حکومت اسرائیل کیخلاف سرکاری سطح پر جہاد کا اعلان کرے، جے یو آئی

فلسطین کے معصوم بچوں، خواتین اور بزرگوں پر ظلم و تشدد کا سلسلہ انسانیت کے ضمیر کے منہ پر طمانچے ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا فضل الرحمٰن خان، جنرل سیکرٹری حافظ حمد اللہ، مرکزی شوریٰ ارکان مولانا عبدالغفور حیدری، سینیٹر مولانا حافظ حمد اللہ، سابق وفاقی وزیر مولانا عبدالرحمٰن کانجو، سابق ایم این اے مولانا راشد محمود سومرو، سابق ایم این اے مولانا عبدالواحد شاہد، سابق ایم این اے مولانا عبدالرؤف مینگل، سابق ایم این اے مولانا نصر اللہ زرعی، سابق ایم این اے مولانا عبدالستار لودھراں، سابق ایم این اے مولانا عبدالاکبر چترالی، سابق ایم این اے مولانا ہدایت اللہ، سابق ایم این اے مولانا عبدالقادر لاسی، سابق ایم این اے مولانا عبدالغفور حیدری، سابق ایم این اے مولانا عبدالرحیم زیدی، سابق ایم این اے مولانا عبدالرحمٰن باچا